DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v59i4.2007

# پاک چین اقتصادی راہ داری کی کام یابی میں بین المذاہب اور سماجی ہم آہنگی کا کردار: مسلم فکر کو درپیش خطرات

محمد ریاض محمود ❁ احمد خاور شہزاد ✹

# Role of Interfaith and Social Harmony in Realization of CPEC: Challenges to Muslim Thought

***Muhammad Riaz Mahmood*** ❁ ***Ahmad Khawar Shahzad*** ✹

**Abstract**: *China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) is a flagship project of the Belt and Road Initiative (BRI) of the twenty-first Century around the globe. It is a long-term bilateral project of China and Pakistan, connecting China with the rest of the world. A road network, linking Kashgar in the Xinjiang region to Gwadar in Baluchistan, reduces 10,000 miles of sea route and connects Shanghai to Africa and Europe through Gwadar. Although China has plunked a huge amount capital in CPEC, Pakistan's key role cannot be overemphasized. The realization of CPEC directly hinges on beliefs and practices of interfaith and social harmony in the region. Islam provides guidelines on integration, tolerance, and mutual harmony between diverse cultures. Interfaith and social harmony confront myriad challenges to a massive CPEC. These challenges include international imperialism, religious extremists, sectarian elements, conceited nationalists, terrorist-groups, annihilating law and order situation, and hostile agencies. China and Pakistan both consist of diversified faiths and religious communities. This article elucidates and analyses these religious and social challenges to cope with prevalent ordeals. It will hopefully help the stakeholders to contrive dynamics of interfaith and social harmony in the region.*
**Keywords:** *CPEC, interfaith, social harmony, Islam, thought*

❁ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد۔
✹ چیف آپریٹنگ آفیسر / سیکرٹری ٹیوٹا پنجاب۔

❁ Associate Professor, Department of Islamic Thought, History & Culture, Allama Iqbal Open University, Islamabad. (drmriazmahmood@gmail.com)
✹ Chief Operating Officer/Secretary TEVTA Punjab. (ahmad.khawarpk@ymail.com)

## Summary of the Article

China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) is a long-term road project for the grand development of the entire world including these two countries. The development projects completed through this will connect different countries in a great manner. It is a beautiful dream of global and local trade which will revolutionize the sectors of industry, agriculture, manpower, energy, railways, debt repayment, knowledge and research. It is not possible to ignore the fact that China has to make the main investment in this project, but the role of Pakistan cannot be ignored either. This multi-purpose project will shape the politics, economy, society, journalism and lifestyle of the future. Its timely completion is directly dependent on the satisfactory situation of various religious communities in Pakistan and China. In this regard, the academic tradition and its implementation regarding inter-faith and social harmony are of great importance. In this context, the use of the universal teachings of Islam, the understanding of the problems of different religious groups in each country, the promotion of religious and social tolerance and the respect for human rights have a key position. The friendship between different religions and civilizations can be promoted through practical interpretations of international laws and Islamic teachings.

There are many obstacles in the way of achieving the ideal goal of interfaith harmony and social tolerance. Many countries, including the USA and India, express doubts about the project's effectiveness. Dubbed by some quarters as the new “East India Company” in Pakistan, China’s ill-treatment of Muslims in Xinjiang has left Pakistani Muslims deeply saddened. There are also many uncertainties about the economic future of Pakistan’s business community. Due to the abundance of Chinese products, the small industries of Pakistan are facing many problems for their survival. Internal and external opponents of CPEC carry out acts of terrorism in Pakistan day by day. The peace of the Pakistani nation is held hostage by sectarians. Poor thinking based on provincialism and linguistic bias is developing. This uncertain situation is likely to have serious negative effects on the completion of CPEC. In this background, a focused study of the concerns of the religious and social circles of China and Pakistan is very important. The situation of inter-faith and social harmony in different classes is of great importance in this context. Given the fulfilment of this academic, religious, political, social and economic need, this article presents an analysis of challenges faced by Pakistan in terms of interfaith tolerance and social harmony in the context of the timely completion of CPEC and its sustainable success.

China is an important country located on the Western edge of the Pacific Ocean. It is the largest country in Asia by area and the third largest in the world. It is the largest country in the world in terms of population. Its neighbouring countries include Korea, Mongolia, Russia, Kazakhstan, Kyrgyzstan, Tajikistan, Afghanistan, Pakistan, India, Nepal, Bhutan, Myanmar, Laos and Vietnam. Its neighbours across the sea are South Korea, Japan, the Philippines, Brunei, Malaysia and Indonesia. Scientists and artists associated with it have played an active role in the evolution of human civilization. Paper, pole, gunpowder, and the printing press are the inventions of the Chinese people. At present, CPEC is a

mega development project emerging on the global horizon. Among the factors that have a lot to do with its success is regional peace, the success of the reconciliation process in Afghanistan, the protection of Pakistan's borders, the elimination of uncertainty about the future, getting rid of intellectual stagnation, ending religious and social conflicts, preventing regional ethnic conflicts, ending terrorism and sectarianism and promoting social and economic activities. To achieve these objectives, it is necessary that the states of Pakistan and China are stable on the internal and external fronts; there is a complete ban on the armed struggle of the citizens; the path of unreasonable political mobilization should be stopped; terrorism against state institutions should be stopped; various religious interpretations related to *jihād* should be observed and checked properly; the path of those who take the law into their own hands should be blocked; domestic and national interests should not be neglected at all; suicide attacks in the name of implementation of th *sharī'ah* should come to an end; extremism should be eradicated; the establishment of a balanced society should be made possible; bold measures should be taken against terrorists; attitudes of tolerance should be promoted; poverty and crime should be controlled; human rights should be respected; mutual dialogue should be encouraged; traditions of patience and tolerance should be strengthened and stabilized; political consciousness should be given opportunities to develop; and the sense of partnership should be created in the people. For the fulfilment of these multifaceted goals, the promotion of inter-religious harmony and social tolerance is very important. The success of CPEC is directly related to the religious and social situation of Pakistan and China. Peace, respect, tolerance, transparency, merit and ethics are the values that can make this project successful. In this background, the governments of Pakistan and China need to take serious steps to establish an atmosphere of inter-religious tolerance and social harmony.

In nutshell, the seriousness and importance of the CPEC project require that special attention be paid to matters related to religion, society and national security. All possible efforts should be made to promote inter-faith harmony and social tolerance. No compromise should be made on merit and righteousness, the sensitivity of religious matters should not be neglected, the nefarious intentions of the imperialist forces should be fully understood and investigated, and a better and more effective strategy to solve the problems of the Muslim population in China should be formulated, serious steps should be taken to establish peace and end terrorism. For the establishment of excellent relations between Pakistan and China and the effectiveness of CPEC, the analysis of the factors and elements that pose serious threats to the environment of interfaith coexistence and social harmony has been presented in this research article.

## ۱۔موضوعِ تحقیق کا تعارف، اہمیت اور پسِ منظر

پاکستان اور چین تہذیبی و جغرافیائی اور سیاسی و معاشی اعتبار سے غیر معمولی اہمیت کے حامل خوش گوار اور برادرانہ تعلقات رکھنے والے ہمسایہ ممالک ہیں۔ پاک چین اقتصادی راہ داری (سی پیک) ان دونوں ملکوں سمیت پوری دُنیا کی عظیم الشان ترقی کا ایک طویل المدت شاہراتی منصوبہ ہے جس کے ذریعے مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبے مختلف ممالک کو ایک دوسرے سے بڑی سلیقہ مندی سے جوڑ دیں گے۔ یہ عالمی اور مقامی تجارت کا ایک حسین خواب ہے جس سے صنعت، زراعت، افرادی قوت، توانائی، شاہرات، ریلوے، قرضوں کی ادائی اور علم و تحقیق کے شعبہ جات میں انقلاب بپا ہو جائے گا۔اِس حقیقت سے صرفِ نظر ممکن نہیں کہ اس منصوبے میں بنیادی اور بہ کثرت سرمایہ کاری چین نے ہی کرنی ہے مگر پاکستان کا کردار بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ ہمہ جہتی اور کثیر المقاصد منصوبہ مستقبل کی سیاست، معیشت، معاشرت، صحافت اور طرزِ حیات کو تشکیل دے گا۔[1] اس کی بروقت تکمیل اور نتیجہ خیزی کا براہِ راست انحصار پاکستان اور چین میں موجود مختلف مذہبی طبقات کی اطمینان بخش صورتِ حال پر ہے۔ اس ضمن میں بین المذاہب اور سماجی ہم آہنگی سے متعلق افکار و نظریات اور اُن پر عمل درآمد کی روایت کو بڑی اہمیت حاصل ہے ۔اس پسِ منظر میں اسلام کی عالم گیر تعلیمات سے استفادہ، ہر دو ممالک میں موجود مختلف مذہبی طبقات کے مسائل کی تفہیم، مذہبی و سماجی رواداری کے فروغ اور انسانی حقوق کے احترام کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ یاد رہے کہ عالمی قوانین اور اسلامی تعلیمات کی عملی تعبیرات کے ذریعے مختلف مذاہب اور تہذیبوں کے درمیان دوستی، ہم آہنگی اور اتصال کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ سی پیک کو مستحکم، پاے دار اور بھرپور کارآمد بنانے کے لیے بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی رواداری کی مثالی منزل کو پانے کی راہ میں بہت سی رکاوٹیں حائل ہیں۔ سماجی اور علمی حلقوں میں سی پیک ابھی تک ایک نیم خُفیہ معاہدے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل کے اغراض و مقاصد اور اثرات کے بارے میں بہت سے لوگ ناواقف ہی نہیں ابہام کا شکار بھی ہیں۔ امریکہ اور بھارت سمیت بہت سے ممالک اس منصوبے کی افادیّت کے بارے میں اشکالات کا اظہار کرتے ہیں۔ بعض حلقے اسے پاکستان میں نئی "ایسٹ انڈیا کمپنی" قرار دے رہے ہیں۔ چین کے مسلمانوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے نامناسب سلوک نے پاکستانی مسلمانوں کو شدید غم و افسوس سے دوچار کر رکھا ہے۔ مغربی میڈیا چین کے خلاف اپنی متعصبانہ مہم کو رواں رکھے ہوئے ہے۔ اپنی ذاتی حیثیّت میں بعض چینی باشندے پاکستان میں

---

۱۔ Dr Ishrat Husain, *CPEC and Pakistan Economy:An Appraisal* (Islamabad, Center of Excellence For CPEC, 2018), 1-28.

شادیوں کے نام پر جسم فروشی اور اعضا فروشی کی بد اخلاقیوں کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ پاکستانیوں کی چینی مسلم بیویوں کو چین نے اپنے خصوصی تربیتی حراستی کیمپوں میں رکھا ہوا ہے۔ یہ تاثر عام ہے کہ چین ان کو طلاق لینے پر مجبور کرتا ہے اور تبدیلیٔ مذہب کی ترغیب دیتا ہے۔ بعض چینی شہری پاکستان میں خُفیہ اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ چین کی غذائی مصنوعات نے حلال و حرام سے متعلق مسلمانوں کو ایک عجیب تشویش میں مبتلا کر رکھا ہے۔ پاکستان کے کاروباری طبقے کے معاشی مستقبل کے بارے میں بھی بہت سے ابہامات موجود ہیں۔ چینی مصنوعات کی بہتات سے پاکستان کی چھوٹی صنعتوں کو اپنی بقا کے لیے بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔ سی پیک کے اندرونی وبیرونی مخالفین آئے روز پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرتے ہیں۔ پاکستانی قوم کا امن، فرقہ پرستوں کے ہاتھوں یرغمال ہے۔ سی پیک کے فوائد سے استفادے کے لیے صوبائیت اور لسانیّت کی بنیاد پر سوچ پروان چڑھ رہی ہے۔ مذہبی وسماجی شعبہ جات میں اس غیر یقینی صورتِ حال کے سی پیک کی تکمیل اور نتیجہ خیزی پر شدید منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ اس پس منظر میں چین اور پاکستان کے مذہبی وسماجی حلقوں کے تحفظات کا گہرا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔ مختلف طبقات میں بین المذاہب اور سماجی ہم آہنگی کی صورتِ حال اس ضمن میں بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ اسی علمی وفکری، مذہبی وسیاسی اور سماجی ومعاشی ضرورت کی تکمیل کے پیشِ نظر اس تحقیقی مضمون میں اُن خطرات وتحدیات کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے جو کہ سی پیک کی بروقت تکمیل اور پائے دار کام یابی کے ضمن میں چین اور پاکستان کو بین المذاہب رواداری اور سماجی ہم آہنگی کے سلسلے میں در پیش ہیں۔

پاک چین تعلقات ایک ایسا دل چسپ اور اہم علمی میدان ہے جس سے متعلق عمومی معلومات پر مشتمل کُتب سیاست، ادب اور صحافت سے وابستہ شخصیات نے کثیر تعداد میں تحریر کی ہیں۔ ان کتب کی اکثریت سفر ناموں پر مشتمل ہے۔ چین اور اہلِ چین کی مذہبی وسیاسی اور سماجی ومعاشی صورتِ حال کی وضاحت کرنے والی اُردو کتب میں ڈاکٹر شفیق انجم کی **سنکیانگ نامہ**،[۲] محمد اسلم جنجوعہ کی **چین: پرامن تعمیر وترقی کی نئی شاہراہیں**،[۳] سید ارشاد احمد عارف کی **دیوارِ چین کے اُس پار**، [۴] لال خان کی **چین کدھر؟**[۵] اور **چین: انقلاب کی تلاش**، [۶] احفاظ

۲۔ شفیق انجم، **سنکیانگ نامہ** (راولپنڈی: الفتح پبلی کیشنز، ۲۰۱۸ء)۔

۳۔ محمد اسلم جنجوعہ، **چین: پرامن تعمیر وترقی کی نئی شاہراہیں** (لاہور: بک ہوم، بک سٹریٹ، ۴۶-مزنگ روڈ، ۲۰۱۱ء)۔

۴۔ سید ارشاد احمد عارف، **دیوارِ چین کے اس پار** (لاہور: اردو بازار، خزینۂ علم وادب، ۲۰۰۰ء)۔

۵۔ لال خان، **چین کدھر؟** (لاہور: طبقاتی جدوجہد پبلی کیشنز، ۱۰۵، منگل مینشن، رائل پارک لکشمی چوک، ۲۰۱۵ء)۔

۶۔ لال خان، **چین: انقلاب کی تلاش** (لاہور: طبقاتی جدوجہد پبلی کیشنز، ۱۹۹۷ء)۔

الرحمٰن کی **عظیم انقلاب چین عظیم تاریخ**،[۷] عابد علی خان کی **مشاہیر چین**،[۸] اجمل سعید پراچہ کی **سوئے وادی کاشغر**،[۹] ایس ایم حالی کی **چینی ثقافت کے تابندہ نقوش**[۱۰] اور **چین کی کامیابیوں کی کہانی**،[۱۱] حسنین نازش کی **دیوارِ چین کے سائے تلے**،[۱۲] ڈاکٹر عنایت اللہ فیضی کی **چین بہ جبین**،[۱۳] جسٹس (ر) خواجہ محمد شریف کی **گراں خواب چینی**،[۱۴] پروفیسر ندیم اسرار عثمانی کی **چین کی بے مثال ترقی کا سفر**،[۱۵] بدرالدین چینی کی **چین و عرب کے تعلقات**،[۱۶] ابن انشا کی **چلتے ہو تو چین کو چلیے**،[۱۷] جمیل احمد کی **آؤ چین چلیں**،[۱۸] سید اسد علی انوری کی **صحیفۂ چین**،[۱۹] محمود شام کی **لاڑکانہ سے پیکنگ**،[۲۰] حنان علی عباسی کی **چین سے برطانیہ تک**،[۲۱] علی ناصر زیدی کی **چین کی سیر**،[۲۲] امجد اسلام امجد کی **ریشم ریشم**،[۲۳] سلیم صافی کی **سی پیک: ایک نیا سیاسی، معاشی اور تزویراتی کھیل**،[۲۴] بریگیڈیر گلزار احمد کی **تذکرۂ سنکیانگ**،[۲۵] ڈاکٹر فرید احمد پراچہ کی **ہواؤں کے سنگ**،[۲۶] ڈاکٹر عمر حیات

---

۷۔ احفاظ الرحمٰن، **عظیم انقلاب چین عظیم تاریخ** (کراچی: فرید پبلشرز، ۱۲-مبارک محل نزد مقدس مسجد، اردو بازار، ۲۰۱۱ء)۔

۸۔ عابد علی خان، **مشاہیر چین** (لاہور: فیکٹ پبلی کیشنز، B/۱۴، علی پلازہ ٹیمپل روڈ، س۔ن)۔

۹۔ اجمل سعید پراچہ، **سوئے وادی کاشغر** (لاہور: القمر انٹر پرائزر، اردو بازار، ۱۹۹۶ء)۔

۱۰۔ ایس ایم حالی، **چینی ثقافت کے تابندہ نقوش** (اسلام آباد: رومی اکیڈمی، ۲۰۱۶ء)۔

۱۱۔ ایس ایم حالی، **چین کی کامیابیوں کی کہانی** (اسلام آباد: رومی اکیڈمی، ۲۰۱۵ء)۔

۱۲۔ حسنین نازش، **دیوارِ چین کے سائے تلے** (فیصل آباد: امین پور بازار، مثال پبلشرز، ۲۰۱۷ء)۔

۱۳۔ عنایت اللہ فیضی، **چین بہ جبین** (اسلام آباد: دوست پبلی کیشنز، ۱۹۹۸ء)۔

۱۴۔ خواجہ محمد شریف، **گراں خواب چینی** (لاہور: الفیصل ناشران و تاجران کتب، اردو بازار، ۲۰۱۳ء)۔

۱۵۔ ندیم اسرار عثمانی، **چین کی بے مثال ترقی کا سفر** (کراچی: گلشن اقبال، A-۲۶۷، بلاک نمبر ۲، ۲۰۱۵ء)۔

۱۶۔ بدرالدین چینی، **چین و عرب کے تعلقات** (کراچی: انجمن ترقی اردو، ۱۹۴۹ء)۔

۱۷۔ ابن انشا، **چلتے ہو تو چین کو چلیے** (لاہور: لاہور اکیڈمی، چوک اردو بازار، ۱۹۶۷ء)۔

۱۸۔ جمیل احمد، **آؤ چین چلیں** (کراچی: واصف اینڈ برادرز، ناظم آباد، ۲۰۰۰ء)۔

۱۹۔ سید اسد علی انوری، **صحیفہ چین** (لاہور: فیکٹ پبلی کیشنز، B/۱۴، علی پلازہ ٹیمپل روڈ، س۔ن)۔

۲۰۔ محمود شام، **لاڑکانہ سے پیکنگ** (لاہور: فکشن ہاؤس، ۲۰۱۸ء)۔

۲۱۔ حنان علی عباسی، **چین سے برطانیہ تک** (اسلام آباد: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، ۲۰۱۳ء)۔

۲۲۔ علی ناصر زیدی، **چین کی سیر** (لاہور: قومی کتب خانہ، ۲۰۰۰ء)۔

۲۳۔ امجد اسلام امجد، **ریشم ریشم** (لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۱۹۹۸ء)۔

۲۴۔ سلیم صافی، **سی پیک: ایک نیا سیاسی، معاشی اور تزویراتی کھیل** (لاہور: ساگر پبلشرز، ۲۰۱۹ء)۔

۲۵۔ گلزار احمد، **تذکرۂ سنکیانگ** (لاہور: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، ۲-کلب روڈ، ۱۹۸۸ء)۔

۲۶۔ فرید احمد پراچہ، **ہواؤں کے سنگ** (لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۱۶ء)۔

عاصم سیال کی **چین میں اسلام کا مستقبل**،[۲۷] عبدالمالک مجاہد کی **میرے سنہرے سفر نامے**،[۲۸] شاہ محمد مری کی **چین آشنائی**،[۲۹] مولانا کوثر نیازی کی **ایک ہفتہ چین میں**،[۳۰] ڈاکٹر آصف محمود جاہ کی **دیکھا ہم نے چین**،[۳۱] ریحانہ مغنی کی **چین: کل اور آج**،[۳۲] مستنصر حسین تارڑ کی **تِلّی پیکنگ کی**،[۳۳] اور **لاہور سے یار قند**،[۳۴] اسلم کمال کی **لاہور سے چین تک**،[۳۵] ارشاد احمد حقانی کی **بستی بستی نگر نگر**،[۳۶] اسد اریب کی **خنجراب سے دیوار چین**،[۳۷] بلقیس ریاض کی **چین کو چلیے**،[۳۸] تاج محمد کی **چین ہے تو چین میں**،[۳۹] جمیل الزمان کی **چیستانِ چین**،[۴۰] راجہ انور کی **ہمالہ کے اس پار**،[۴۱] ڈاکٹر سلمٰی شاہین کی **دل اور آنکھیں چین میں**،[۴۲] شریف فاروق کی **دیارِ دوست کی طرف**،[۴۳] مولانا عبدالحامد بدایونی کی **تاثراتِ چین**،[۴۴] مولانا عبدالقدوس ہاشمی کی **سفر نامہ چین**،[۴۵] زیب

---

۲۷۔ عمر حیات عاصم سیال، **چین میں اسلام کا مستقبل** (کراچی: ندوۃ القلم، ۲۰۰۸ء)۔

۲۸۔ عبدالمالک مجاہد، **میرے سنہرے سفر نامے** (لاہور: دارالسلام، ۲۰۱۳ء)۔

۲۹۔ شاہ محمد مری، **چین آشنائی** (کوئٹہ: سنگت اکیڈمی آف سائنسز، ۲۰۰۷ء)۔

۳۰۔ کوثر نیازی، **ایک ہفتہ چین میں** (لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز، ۱۹۷۳ء)۔

۳۱۔ آصف محمود جاہ، **دیکھا ہم نے چین** (لاہور: علم و عرفان پبلشرز، اردو بازار، ۲۰۱۷ء)۔

۳۲۔ ریحانہ مغنی، **چین: کل اور آج** (کراچی: رب پبلشرز، ۲۰۰۳ء)۔

۳۳۔ مستنصر حسین تارڑ، **تِلّی پیکنگ کی** (لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز، ۲۰۱۵ء)۔

۳۴۔ مستنصر حسین تارڑ، **لاہور سے یار قند** (لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۱۷ء)۔

۳۵۔ اسلم کمال، **لاہور سے چین تک** (لاہور: مقبول اکیڈمی، ۱۹۸۹ء)۔

۳۶۔ ارشاد احمد حقانی، **بستی بستی نگر نگر** (لاہور: جنگ پبلشرز، ۱۹۸۹ء)۔

۳۷۔ اسد اریب، **خنجراب سے دیوار چین** (ملتان: کتاب نگر، ۲۰۰۵ء)۔

۳۸۔ بلقیس ریاض، **چین کو چلیے** (لاہور: مقبول اکیڈمی، س۔ن)۔

۳۹۔ تاج محمد، **چین ہے تو چین میں** (لاہور: مقبول اکیڈمی، س۔ن)۔

۴۰۔ جمیل الزمان، **چیستانِ چین** (اسلام آباد: نیشنل بک فاؤنڈیشن، ۱۹۷۷ء)۔

۴۱۔ راجہ انور، **ہمالہ کے اس پار** (لاہور: کلاسیک، ۲۰۰۷ء)۔

۴۲۔ سلمٰی شاہین، **دل اور آنکھیں چین میں** (پشاور: پشتو اکیڈمی، ۲۰۰۵ء)۔

۴۳۔ شریف فاروق، **دیارِ دوست کی طرف** (لاہور: ادبیات نو، ۱۹۹۲ء)۔

۴۴۔ عبدالحامد بدایونی، **تاثراتِ چین** (کراچی: جمیعت العلمائے پاکستان، ۱۹۵۶ء)۔

۴۵۔ عبدالقدوس ہاشمی، **سفر نامہ چین** (کراچی: مکتبہ مہر نیم روز، ۱۹۵۷ء)۔

النساء غرشین کی **چلتن سے چین تک**،[۴۶] کرامت غوری کی **تابہ خاکِ کاشغر**،[۴۷] محمد کفایت اللہ کی **دورۂ چین کے تاثرات**،[۴۸] کوثر جمال کی **چینی منگولوں کے شہر میں**،[۴۹] مسعود قریشی کی **قصہ چین جانے کا**،[۵۰] ملک اشفاق کی **تابخاک کاشغر**،[۵۱] میرزا ادیب کی **ہمالہ کے اس پار**،[۵۲] کوکب خواجہ کی **نی ہاؤ**،[۵۳] ڈاکٹر محمد سلیم ملک کی **پاک چین مکالمہ**،[۵۴] آدم پال کی **پاک چین اقتصادی راہداری: ترقی یا سراب؟**،[۵۵] اور سید ناصر الدین کی **چین، بھارت اور نیپال**[۵۶] کو علمی و ادبی حلقوں میں بہت پذیرائی حاصل ہوئی۔

چین سے متعلق معلومات کا ایک معتبر و مؤثر ذریعہ چینی اہلِ علم اور سیاست دانوں کی وہ کُتب ہیں جو بنیادی طور پر چینی زبان میں تحریر کی گئیں اور بعد ازاں اُن کے اُردو تراجم تیار کیے گئے۔ ایسی کُتب میں فانگ چو چھنگ اور چیانگ کوئی نونگ کی **چو این لائی (آپ بیتی)**،[۵۷] چھن چھانگ فن کی **چیر مین ماؤ کے ساتھ لانگ مارچ**،[۵۸] شوئے شیاؤیون (مدیر اعلیٰ)، یے فنگ اور لیو شیاؤ ہوئی (مدیر) کی **چائنا انسائیکلو پیڈیا**،[۵۹] ماؤزے تنگ کی **تعلیمات ماؤزے**

---

۴۶۔ زیب النساء غرشین، **چلتن سے چین تک** (کوئٹہ: گوشۂ ادب، ۲۰۱۲ء)۔

۴۷۔ کرامت غوری، **تابہ خاکِ کاشغر** (لاہور: سنگِ میل پبلی شرز، ۱۹۹۰ء)۔

۴۸۔ محمد کفایت اللہ، **دورۂ چین کے تاثرات** (لاہور: حرا پبلی کیشنز، ۱۹۸۷ء)۔

۴۹۔ کوثر جمال، **چینی منگولوں کے شہر میں** (اسلام آباد: نیوی پبلشرز، ۱۹۸۷ء)۔

۵۰۔ مسعود قریشی، **قصہ چین جانے کا** (لاہور: فیروز سنز، ۱۹۹۶ء)۔

۵۱۔ ملک اشفاق، **تابخاک کاشغر** (لاہور: بک ہوم، ۲۰۰۷ء)۔

۵۲۔ میرزا ادیب، **ہمالہ کے اس پار** (لاہور: مکتبہ انجم، ۱۹۸۳ء)۔

۵۳۔ کوکب خواجہ، **نی ہاؤ** (لاہور: فیروز سنز، ۱۹۹۰ء)۔

۵۴۔ محمد سلیم ملک، **پاک چین مکالمہ** (لاہور: بک ہوم، ۲۰۰۴ء)۔

۵۵۔ آدم پال، **پاک چین اقتصادی راہداری: ترقی یا سراب؟** (لاہور: لال سلام پبلی کیشنز، ۱۰-ایبٹ روڈ، ۲۰۱۸ء)۔

۵۶۔ سید ناصر الدین، **چین، بھارت اور نیپال** (اسلام آباد: منزل پرنٹرز، ۲۰۰۲ء)۔

۵۷۔ فانگ چو چھنگ اور چیانگ کوئی نونگ، **چو این لائی (آپ بیتی)**، مترجم احفاظ الرحمٰن، (کراچی: فرید پبلشرز، دکان نمبر ۱۲ بالمقابل مسجد مقدس اردو بازار، ۲۰۰۷ء)۔

۵۸۔ چھن چھانگ فن، **چیر مین ماؤ کے ساتھ لانگ مارچ**، مترجم احفاظ الرحمٰن، (کراچی: فرید پبلشرز، دکان نمبر ۱۲ بالمقابل مسجد مقدس اردو بازار، ۲۰۱۱ء)۔

۵۹۔ شوئے شیاؤیون (مدیر اعلیٰ)، یے فنگ اور لیو شیاؤ ہوئی (مدیر)، **چائنا انسائیکلو پیڈیا**، اردو نظر ثانی، رئیس سلیم، عبدالمجید بلوچ، طاہر محمود اور بشریٰ ظفر (اسلام آباد: پروفائل پرنٹنگ پبلشنگ، بلیو ایریا، ۲۰۱۵ء)۔

**تنگ**،[۶۰] حاجی ابراہیم۔ٹی۔وائی۔ما کی **چین کے مسلمان**،[۶۱] یوان ینگ اور چومنگ کی **سفر دوستی کا**،[۶۲] اسرائیل اپسٹین کی **جنگ آزادی سے انقلابِ چین تک**[۶۳] اور ایڈگر سفر کی **نئے چین کارزمیہ**[۶۴] شامل ہیں۔قدیم فرانسیسی زبان سے اُردو میں ترجمہ کی گئی کُتب میں معروف اطالوی سوداگر اور سیّاح مارکو پولو کی **سفرنامہ مارکو پولو**[۶۵] کی تاریخی حیثیّت بھی بے مثال ہے۔عربی سے اُردو میں ترجمہ کی گئی کُتب میں ابن بطوطہ کی **سفرنامہ ابن بطوطہ**[۶۶] اہم ہے۔ پاکستانی اہلِ علم نے چین، سی پیک، پاک چین اقتصادی تعاون اور چینی مسلمانوں کے مسائل سے متعلق سنجیدہ اور نظریاتی پسِ منظر کے حامل اُردو مضامین بھی تحریر کیے۔یہ مضامین جن مجلات میں شائع ہوئے اُن میں سہ ماہی **تجزیات**، اسلام آباد؛ ماہ نامہ **الشریعہ**، گوجرانوالہ؛ ماہ نامہ **ضیائے حرم**، اسلام آباد؛ ماہ نامہ **ظلال القرآن**، اسلام آباد؛ ماہ نامہ **البرہان**، لاہور؛ سہ ماہی **الزبیر**، بہاول پور؛ ماہ نامہ **الحق**، اکوڑہ خٹک؛ ماہ نامہ **مکالمہ بین المذاہب**، لاہور؛ پندرہ روزہ **معارف فیچر**، کراچی اور ہفت روزہ **ندائے خلافت**، لاہور شامل ہیں۔ان مضامین میں ڈاکٹر سید جعفر احمد کا ”چین–پاکستان معاشی راہداری–امکانات اور چیلنج“[۶۷] صفدر سیال کا ”۲۰۱۶ء میں سی پیک سکیورٹی پیش رفت“،[۶۸] مولانا زاہد الراشدی کا ”سی پیک منصوبہ:قوم کو اعتماد میں لینے کی ضرورت“[۶۹] اور ”سنکیانگ کے مسلمانوں کا مسئلہ“،[۷۰] قاضی مصطفیٰ کامل کا ”عوامی جمہوری چین کے صدر کا دورہ اور نئی سازشیں“،[۷۱] سید معروف شاہ شیرازی کا ”عالم اسلام:یوغور مسلمان“،[۷۲] اسد اللہ غالب کا ”چینی

۶۰– ماؤزے تنگ، **تعلیمات ماؤزے تنگ**، مترجم، جاوید شاہین (لاہور: فکشن ہاؤس، ۲۰۰۹ء)۔

۶۱– ابراہیم۔ٹی۔وائی۔ماکی، **چین کے مسلمان**، مترجم، تابش صدیقی (لاہور: سنگِ میل، ۱۹۸۶ء)۔

۶۲– یوان ینگ اور چومنگ، **سفر دوستی کا**، مترجم، یوان وے شوئے (اسلام آباد: اکادمی ادبیاتِ پاکستان، ۱۹۹۰ء)۔

۶۳– اسرائیل اپسٹین، **جنگ آزادی سے انقلابِ چین تک**، مترجم: رشید بٹ (لاہور: جمہوری پبلی کیشنز، ۲۰۰۵ء)۔

۶۴– ایڈگر سفر، **نئے چین کارزمیہ**، مترجم، ارشاد احمد خان (لائل پور: مکتبہ مطالعہ مشرق، ۲۵۵–گلشن کالونی، ۱۹۷۴ء)۔

۶۵– مارکو پولو، **سفرنامہ مارکو پولو**، مترجم، عاصم بٹ (لاہور: تخلیقات، ۱۹۸۶ء)۔

۶۶– ابن بطوطہ، **سفرنامہ ابن بطوطہ**، مترجم، رئیس احمد جعفری (کراچی: نفیس اکیڈمی، ۱۹۶۸ء)۔

۶۷– سہ ماہی **تجزیات**، اسلام آباد، ۸۱، (۲۰۱۷ء)۔

۶۸– نفس مرجع، ۸۱، (۲۰۱۷ء)۔

۶۹– ماہ نامہ **الشریعہ**، گوجرانوالہ، ۲۹:۱۱ (۲۰۱۸ء)۔

۷۰– نفس مرجع ۳۰: ۳ (۲۰۱۹ء)۔

۷۱– ماہ نامہ **ضیائے حرم**، اسلام آباد (۲۰۱۵ء)۔

۷۲– ماہ نامہ **ظلال القرآن**، اسلام آباد ۲۱: ۲۲۳، (۲۰۱۹ء)۔

مسلمانوں کی تحریکِ مزاحمت اور پاکستان"، [۷۳] ڈاکٹر میمونہ سعید اور سید محمد احمد کا "پاک چین سیاسی، معاشی اور ملٹری تعلقات کا جائزہ"، [۷۴] اسامہ الطاف کا "چین میں اویغور مسلمانوں کا استحصال"، [۷۵] انور یوسف کا "چینی مسلمانوں کا مقدمہ"، [۷۶] حسین حقانی کا "چین کی مجبوری"، [۷۷] اور محمد رفیق چودھری کا "چین کے یغور مسلمانوں پر ظلم"[۷۸] علمی وسیاسی حلقوں میں زیادہ زیرِ مطالعہ رہے۔

سی پیک اور چین کی سیاسی ومعاشی اہمیت کی وضاحت پر مشتمل جو انگریزی کُتب دست یاب ہیں اُن کی فہرست ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

i. One Belt One Road:Hands on Small Enterprisess,By:Hassnain Javed,Abid H K Shirwani and Cxi Li, ForewordBy:Dr Janes Hanns Pichler.[79]

ii. Pin Point,By:Naveed Aman Khan.[80]

iii. China Pakistan Economic Corridor,By:Dr Ejaz Hussain[81]

iv. CPEC and Pakistan Economy:An Appraisal,By:Dr Ishrat Husain [82]

v. CPEC:A Reality Check,By:Shaukat Qasdir,Rafaqat Islam and Shahid Bashir[83]

---

۷۳- ماہ نامہ **البرہان**، لاہور، ۱۸: ۶،(۲۰۱۴ء)۔

۷۴- سہ ماہی **الزبیر**، بہاول پور، اردو اکیڈمی، شمارہ: ۱،(۲۰۱۶ء)۔

۷۵- ماہ نامہ **الحق**، اکوڑہ خٹک، ۵۴:۱، (۲۰۱۸ء)۔

۷۶- **مکالمہ بین المذاہب**، لاہور،(۲۰۱۴ء)۔

۷۷- محمد ابراہیم خان (مترجم) پندرہ روزہ **معارف فیچر**، ۱۲: ۷، (۲۰۱۹ء)۔

۷۸- ہفت روزہ **ندائے خلافت**، لاہور،(۲۰۱۹ء)۔

79– Hassnain Javed, Abid H K Shirwani and Cxi Li, *One Belt One Road: Hands on Small Enterprisess* (Lahore: UMT Press, University of Management and Technology, C-II, Johar Town , 2019)

80– Naveed Aman Khan, *Pin Point* (Mr Books, Super Market, Islamabad,2019)

81– Ejaz Hussain, *China Pakistan Economic Corridor* (Islamabad: Iqbal International Institute for Research and Dialogue, International Islamic University, 2018)

82– Ishrat Husain, *CPEC and Pakistan Economy: An Appraisal* (Islamabad: Center of Excellence For CPEC, 2018)

83– Shaukat Qasdir, Rafaqat Islam and Shahid Bashir, *CPEC: A Reality Check* (Islamabad: National Defense University, 2018)

vi. The China Challenge:Shaping The Choices of a Rising Power,By: Thomas J.and Christensen(84)

vii. India vs China :A Review of the Aksai China Border Dispute,By:Dr Nadeem Shafiq Malik(85)

viii. China-Pakistan Economic Corridor (CPEC):Political,Economic And Social Perspectives,By:Muhammad Iqbal Chawla(86)

ix. Perspectives on Indo – China Relations ,By:A.K.Dixit(87)

x. China in the 21st Century, By:Nannihal Singh(88)

xi. Analysing Public Opinion of Pakistan on China-Pakistan Economic Corridor, By:Rida Rizvi(89)

xii. Greater China in an Era of Globalization,By:Sujian Guo and Baogang Guo(90)

xiii. Assessing China's Power, By:Jao Ho Chung (91)

xiv. Will this be China's Century?, By:Mel Gustov (92)

---

84– Thomas J.and Christensen, *The China Challenge:Shaping The Choices of a Rising Power* (London: W.W.Norton and Company, 2015)

85– Nadeem Shafiq Malik, *India vs China: A Review of the Aksai China Border Dispute* (Islamabad: Emel Publications , 2015)

86– Muhammad Iqbal Chawla, *China-Pakistan Economic Corridor (CPEC):Political,Economic And Social Perspectives* (Lahore: Departmet fo History and Pakistan Studies ,Reseach Society of Pakistan ,University of Punjab, 2018)

87– A.K.Dixit, *Perspectives on Indo – China Relations* (New Delhi: Cyber Tech Publications, 4230/1,Ansari Road, Darya Ganj , 2006)

88– Nannihal Singh, *China in the 21st* Century (New Delhi: Mittal Publications, 2006)

89– Rida Rizvi, *Analysing Public Opinion of Pakistan on China-Pakistan Economic Corridor* (Islamabad: Iqbal International Institute for Research and Dialogue, International Islamic University, 2018)

90– Sujian Guo and Baogang Guo, *Greater China in an Era of Globalization* (New Delhi: Pentagon Press, 2010)

91– Jao Ho Chung , *Assessing China's Power* (Uk: Palgrove Macmillan , 2015)

92– Mel Gustov, *Will this be China's Century?* (New Delhi: Viva Books, 2016)

xv. The China Pakistan Axis :Asia's New Geopolitics, By:Andrew Small [93]

xvi. China and East Asian Regionlism, By:Suisheng Zhao[94]

سی پیک پر مندرجہ ذیل دو انگریزی مضامین غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں۔

i. Challenges to Strategic Stability in South Asia:Analysis,By: Ayesha Rana[95]

ii. Universal ,Yet Local : The Religious Factor in Chinese Muslim , Perception of World Developmental Hierarchy,By:Qing lai and Zheng Mu[96]

سی پیک کے ضمن میں پارلیمانی کمیٹی(۲۰۱۵ء–۲۰۱۷ء ) کی رپورٹ بھی بڑی اہمیت کی حامل ہے۔[۹۷] علاوہ ازیں سی پیک(۲۰۱۷ء–۲۰۳۰ء)کے طویل المدت منصوبے کی رپورٹ شائع کردہ حکومتِ پاکستان بھی اہم معلومات کی حامل ہے۔[۹۸] چینی تہذیب و ثقافت کی تفہیم میں بچوں کے لیے لکھی گئی بعض کتب بھی بڑی معاون ہیں۔ان دست یاب کُتب میں شفیع عقیل کی **چینی لوک کہانیاں**[۹۹] اور سید اشتیاق الحسن کی **چینی لوک کہانیاں**[۱۰۰] بڑی معلوماتی اور دل چسپ ہیں۔بعض پاکستانی جامعات میں سی پیک کے موضوع پر قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس ضمن میں یونی ورسٹی آف گجرات،پاکستان کے شعبہ معاشیات نے ہائیر

---

93– Andrew Small, *The China Pakistan Axis :Asia's New Geopolitics* (Haryana: Random House India , 2015)

94– Suisheng Zhao, *China and East Asian Regionlism* (New Yourk: Routledge , 2012)

95– Ayesha Rana,"Challenges to Strategic Stability in South Asia:Analysis", *Strategic Studies*, Islamabad, 38: 2, (2018).

96– Qing lai and Zheng Mu, Universal, "Yet Local : The Religious Factor in Chinese Muslim , Perception of World Developmental Hierarchy",*Chinese Journal of Sociaology*, 2 (4) (2016), 524-546.

97– Parliamentary Committee on China – Pakistan Economic Corridor (CPEC); Reports 2015-2017, Govt. of Pakistan ,2017

98– Long Term Plan for China- Pakistan Economic Corridor (2017-2030), Govt of Pakistan, Islamabad, 2017.

۹۹– شفیع عقیل، **چینی لوک کہانیاں**( کراچی: انجمن ترقی اردو، پاکستان،ڈی-۱۵۹،بلاک ۷، گلشن اقبال،۱۹۷۵ء)۔

۱۰۰– سید اشتیاق الحسن، **چینی لوک کہانیاں** (اسلام آباد: نیشنل بک فاؤنڈیشن،۲۰۱۸ء)۔

ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے اشتراک سے ۲۸-۲۷ فروری ۲۰۱۸ء کو ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا۔[۱۰۱] اس کانفرنس میں پیش کردہ علمی مقالات کے خلاصہ جات پر مشتمل کتاب(Abstracts Book) نہایت مفید اور تحقیقی معیار کی حامل ہے۔انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس(۱۰ – ۱۱ اپریل ۲۰۱۱ء) بعنوان "60 Years of Pak- China Relations (Landmarks, Trends and Approaches)" میں پیش کردہ مقالات بھی پاک چین تعلقات کے بہت سے پہلوؤں کو محیط ہیں۔[۱۰۲]

مندرجہ بالا علمی، ادبی، تحقیقی اور معلوماتی مواد چین، پاک چین تعلقات، سی پیک، چینی مسلمانوں کے مسائل اور چین کے خلاف چلائی جانے والی میڈیا مہم کے بارے میں اچھی خاصی معلومات فراہم کرتا ہے۔اس میں موضوع ہذا سے متعلق تحقیقی مواد ضمنی اور جُزوی طور پر زیرِ بحث ضرور آیا ہے لیکن مربوط و منظم انداز میں اُن تحدیات پر بحث نہیں کی گئی جو کہ بین المذاہب رواداری اور سماجی ہم آہنگی کے ضمن میں پاکستان اور چین کو سی پیک کی کام یابی کے لیے درپیش ہیں۔اسی علمی و فکری خلاء کو پُر کرنے اور دونوں ملکوں میں موجود سیاسی قیادت کی تحقیقی بنیادوں پر رہ نمائی کرنے کے لیے یہ مقالہ ترتیب دیا گیا ہے۔تفہیم و تسہیل اور حُسنِ ترتیب سے آراستہ کرنے کے لیے مقالے کو چھ اجزا میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلے جُزو میں موضوعِ تحقیق کے تعارف، اہمیت اور پسِ منظر کو واضح کیا گیا ہے۔اس ضمن میں موضوع ہذا پر ہونے والے سابقہ علمی و تحقیقی کام کو اُردو کتب، اُردو مضامین، انگریزی کُتب، انگریزی مضامین، پارلیمانی کمیٹی کی رپورٹ، سی پیک منصوبے کی تفصیلات، چینی لوک کہانیوں، یونی ورسٹی آف گجرات، پاکستان اور انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، اسلام آباد میں ہونے والی کانفرنسوں کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔نیز اسی جُزو میں مقالہ ہذا کی داخلی تقسیم کو واضح کیا گیا ہے۔دوسرے جُزو میں پاک چین تعلقات کی تاریخ اور اُن کی وُسعت کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔اس ضمن میں چین کی معاشی وسیاسی اہمیت کی وضاحت کے بعد پاک چین تعلقات کے اہم مراحل کا تذکرہ کیا گیا ہے۔تیسرے جُزو میں پاک چین اقتصادی راہ داری کا تعارف اوراس کی قومی

۱۰۱– یونی ورسٹی آف گجرات، پاکستان کے شعبہ معاشیات نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے اشتراک سے ۲۷-۲۸ فروری ۲۰۱۸ء کوایک قومی کانفرنس کرائی–اُس کا عنوان تھا۔ "CPEC, Institutions and Inclusive Growth in Pakistan" اس کانفرنس کی Abstract Book اس ضمن میں بڑی مفید ہے۔اس میں ۵۹ مقالات کے خلاصہ جات ہیں۔

102– Khalid Rahman, *Ren Jia and Li Tao, 60 Years of Pak- China Relations* (Landmarks, Trends and Approaches), Proceedings of The Conference held on April 10-11, 2011, Institute of Policy Studies, Islamabad, 2012.

و بین الاقوامی حیثیّت کو واضح کیا گیا ہے۔ چوتھے جُزو میں پاک چین اقتصادی راہ داری کی کام یابی کے ضمن میں بین المذاہب اور سماجی ہم آہنگی کو در پیش خطرات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں دس ضمنی عنوانات کے تحت مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ پانچویں جُزو کے تحت چودہ سفارشات پیش کی گئی ہیں جب کہ چھٹے اور آخری جُزو کے تحت خلاصہً بحث پیش کیا گیا ہے۔

## ۲- پاک چین تعلقات کی تاریخ اور اُن کی وُسعت

عوامی جمہوریہ چین براعظم ایشیا کا وہ ممتاز ملک ہے جو بحر الکاہل کے مغربی کنارے پر واقع ہے،[۱۰۳] اس کا زمینی رقبہ تقریباً چھیانوے لاکھ مربع کلومیٹر ہے، یہ ایشیا میں رقبے کے اعتبار سے سب سے بڑا اور عالمی سطح پر تیسرا بڑا ملک ہے، آبادی کے اعتبار سے یہ دُنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ اس کی آبادی ڈیڑھ ارب کے قریب ہے۔ چین کے ہمسایہ ممالک میں عوامی جمہوریہ کوریا، منگولیا، روس، قازقستان، کرغستان، تاجکستان، افغانستان، پاکستان، بھارت، نیپال، بھوٹان، میانمار، لاؤس اور ویت نام شامل ہیں۔ چین کے ملحقہ سمندر کے اُس پار جنوبی کوریا، جاپان، فلپائن، برونائی، ملائیشیا اور انڈونیشیا ہیں۔[۱۰۴] چینی تہذیب کو دُنیا کی قدیم تہذیبوں میں شمار کیا جاتا ہے۔[۱۰۵] اس سے وابستہ ماہرینِ علم و فن نے انسانی تمدن کے ارتقا میں فعّال کردار ادا کیا ہے۔ کاغذ، قُطب نما، بارود اور چھاپا خانہ اہلِ چین کی ہی ایجادات ہیں۔[۱۰۶] دیوارِ چین وہاں کے لوگوں کی کاری گری، ہنر مندی اور محنت و جفا کشی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔[۱۰۷]

چین کی حیثیّت پاکستان کے ہمسایوں میں بڑی منفرد اور خوش گوار ہے۔ پاکستان کی ہمسائیگی تو افغانستان، ہندوستان اور ایران کے ساتھ بھی ہے لیکن چین کو یہ اعزاز آج تک حاصل ہے کہ کبھی بھی اس کے تعلقات پاکستان کے ساتھ کشیدہ نہیں ہوئے۔ پاکستان اُن اولین ممالک میں شامل ہے جنھوں نے چین کو تسلیم

---

۱۰۳- ابنِ بطوطہ، **سفر نامہ**، مترجم، رئیس احمد جعفری (کراچی: نفیس اکیڈمی، ۱۹۶۸ء)، ۶۴-۷۴-۸۱۔

۱۰۴- شوئے شیاؤن، یے فنگ اور لیوشیاؤ ہوئی، **چائنا انسائیکلوپیڈیا**، ۱-۳۰۔

۱۰۵- مناظر احسن گیلانی، **ہزار سال پہلے** (کراچی: نفیس اکیڈمی، ۱۹۷۵ء)، ۱۳۴-۱۵۱۔

۱۰۶- عابد علی خان، **مشاہیر چین**، ۵-۱۸۔

۱۰۷- سید ارشاد احمد عارف، **دیوارِ چین کے اس پار**، ۱-۱۹۲؛ حسنین نازش، **دیوارِ چین کے سائے تلے**، ۵۱-۵۰۔

کیا۔[۱۰۸] دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کا آغاز ۱۹۵۰ء میں ہوا۔ جنرل اے–ایم رضا چین میں پاکستان کے پہلے سفیر مقرر ہوئے۔[۱۰۹] اقوامِ متحدہ میں چین کی رکنیت کے مسئلے پر پاکستان نے چین کی بھرپور مدد کی۔[۱۱۰] ۲۵ر ستمبر ۱۹۵۰ء کو پاکستانی وزیر خارجہ ظفر اللہ خان نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی میں چین کی رکنیت کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ چین اقوامِ متحدہ میں داخلے کی درخواست نہیں دے رہا، بلکہ یہ تو پہلے ہی سلامتی کونسل کا مستقل رکن ہے۔ یہ دُنیا کے پانچ بڑے ملکوں میں شامل ہے؛ لہٰذا اس کا حق ہے کہ دیگر ارکان کی طرح اس کو بھی اقوامِ متحدہ میں نمائندگی دی جائے۔[۱۱۱] پاکستان نے ابتدائی ایام ہی سے سفارتی محاذ پر چین کی بھرپور حمایت کی۔ ۱۹۵۰ء میں شمالی کوریا نے جنوبی کوریا پر حملہ کر دیا۔ امریکہ سمیت پندرہ ممالک نے جنوبی کوریا کی حمایت کی۔ پاکستان پر بھی دباؤ ڈالا گیا کہ وہ جنوبی کوریا کا ساتھ دے نیز وہ شمالی کوریا اور چین کے خلاف اقدام کرتے ہوئے اپنے فوجی دستے اقوامِ متحدہ کی فوج کے ہمراہ وہاں بھیجے۔ پاکستان نے اس موقع پر چین کے خلاف کسی بھی کارروائی سے نہ صرف یہ کہ گریز کیا بلکہ پانچ ہزار ٹن گیہوں بھی چین کو فراہم کیا۔[۱۱۲] علاوہ ازیں پاکستان نے ۱۹۵۲ء میں چین کے ساتھ تقریباً ایک سو ملین ڈالر کے کاروبار کا معاہدہ کیا۔[۱۱۳] پاک چین پُرجوش تعلقات کی ابتدا ۱۹۵۵ء سے ہوئی جب انڈونیشیا کے شہر بنڈونگ میں دونوں ممالک کے وزراے اعظم کی ملاقات ہوئی۔ اس مرحلے میں بہت سی غلط فہمیوں کا خاتمہ ہو گیا۔[۱۱۴] ۱۹۵۶ء میں وزیر اعظم پاکستان جناب حسین شہید سہروردی نے چین کا دورہ کیا۔ اسی برس چین کے وزیر اعظم چو این لائی نے پاکستان کا دورہ کیا۔[۱۱۵] ۱۹۶۲ء میں چین کو بھارت کے ساتھ جنگ کرنا

---

108– Jafar Riaz Katarya and Anum Naveed, “Pakistan –China Social and Economic Relations”, *South Asian Studies* 29: 2, (2014), 396-410.

۱۰۹– صفدر محمود، **پاکستانی تاریخ وسیاست** (لاہور: جنگ پبلشرز، ۱۹۸۹ء)، ۱۹۷؛ فاروق ملک، **پاکستان کی خارجہ پالیسی** (لاہور: عزیز پبلشرز، ۱۹۷۵ء)، ۳۰۴۔

۱۱۰– فاروق ملک، نفس مرجع، ۳۰۴–۳۰۶۔

111– K.Sarwar Hassan, *Pakistan and The United Nation’s* (Manhattan Publishers, Newyork,1960),25.

۱۱۲– ہمایوں ادیب، **پاکستان کی خارجہ پالیسی**، ۳۰۹۔

۱۱۳– وثیق احمد، **پاکستان کی خارجہ پالیسی**، ۲۶۔

114– Dawn, April-24,1955; Statesmen, Delhi, April30 1955; Pakistan Times,April24 and 29, 1955

۱۱۵– وثیق احمد، مرجع سابق، ۲۶۔؛ کوثر نیازی، **ایک ہفتہ چین میں**، ۳۷–۴۰۔

پڑی۔اس موقع پر پاکستان نے چین کا بھرپور اخلاقی وسفارتی ساتھ نبھایا۔(۱۱۶) پاک چین تعلقات کے استحکام میں خوش اُسلوبی کے ساتھ انجام پانے والے سرحدی معاہدے کا بڑا اہم کردار ہے۔ہر دو ممالک میں یہ معاہدہ ۲/مارچ ۱۹۶۳ء کو طے پایا۔ اس کے نتیجے میں پاکستان کو ۷۵۰ مربع میل کا رقبہ ملا۔اس معاہدے سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی معاہدوں کی راہ بھی ہموار ہوئی۔(۱۱۷)

پاک چین دوستی کی ہمہ جہتی وُسعتوں کا واضح اظہار پاک بھارت جنگوں میں چین کے مثالی اور شان دار کردار کی صورت میں بھی سامنے آیا۔ کشمیر کے معاملے پر ہمیشہ چین نے پاکستان کی حمایت کی اوراہلِ کشمیر کو حقِ خود ارادیت دلانے کی جدوجہد میں اپنا مؤثر کردار ادا کیا۔(۱۱۸)شاہراہِ قراقرم کو پاک چین دوستی کا شاہ کار قرار دیا جائے تو غلط نہ ہوگا۔یہ عظیم شاہراہ خنجراب سے ایبٹ آباد تک بنائی گئی،اس کی لمبائی نو سو کلو میٹر ہے،عرفِ عام میں اسے شاہ راہِ ریشم کا نام دیا جاتا ہے،اس کی تکمیل ۱۹۶۹ء میں ہوئی۔ یہ شاہ راہ دونوں ملکوں میں زمینی تجارت کا ایک آسان اور پائے دار ذریعہ ہے۔(۱۱۹) تعمیرات،شاہرات،صنعت اور دفاع کے شعبہ جات میں بھی دونوں ملکوں کا تعاون مثالی حیثیّت رکھتا ہے۔کامرہ کمپلیکس ، پاکستان واہ آرڈی ننس فیکٹری ٹیکسلا، ٹینک "الخالد"،اسلام آباد سپورٹس کمپلیکس، مشین ٹول فیکٹری لانڈھی ،کوسٹل ہائی وے ،سینڈک پراجیکٹ ،چشمہ ایٹمی پلانٹ، جنگی طیارے JF-17 تھنڈر، گوادر پورٹ اور پاک چین اقتصادی راہ داری ایسے مظاہرِ تعمیر وترقی ہیں جن کی تشکیل وتخلیق میں چین نے پاکستان کی نہایت فراخ دلی سے مدد کی ہے۔(۱۲۰) چینی وزیر اعظم لی پنگ نے ۱۹۸۹ء میں پاکستان کا جو دورہ کیا اسے ایٹمی صلاحیّت کے میدان میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔پاکستان کو ایٹمی طاقت بننے کے سفر

---

116– Muhammad Saleem Akhtar and Umbreen Javed, "Sino-Pakistan Relations: Repercussions for India" *Journal of The Research Society of Pakistan*, 55: 1, (2018), 201-211.

117– Pervaiz Iqbal Cheema, "Significance of Pakistan –China Border Agreement of 1963" *Pakistan Horizon*, 39: 4, (1986), 41-52; W.M.Dobell, "Ramifications of The China –Pakistan Border Treaty", *Pacific Affairs* (University of British Columbia, 37 :3 (1964), 283-295.

118– Ibid.

119– David Comas(etal), "Trading Genes along The Silk Road: MT DNA Sequences and The Origin of Central Asian Populations" *American Journal of Human Genetics*, 63 (1998), 1824-1838.

۱۲۰– لال خان، **چین کدھر**؟،۲۱۳– ۲۱۴۔؛ایس ایم حالی، **چین کی کام یابیوں کی کہانی**،۱–۲۰۰۔

میں جن ممالک کی غیر معمولی حمایت حاصل رہی اُن میں چین سرِفہرست ہے۔(۱۲۱)

## ۳- پاک چین اقتصادی راہ داری کا تعارف اور اُس کی قومی و بین الاقوامی حیثیت

پاک چین اقتصادی راہ داری یعنی سی پیک پاکستان کی تقدیر بدل دینے کا منصوبہ ہے، یہ معاشی ترقی کا ایک عظیم خواب ہے جو اس منصوبے کی تکمیل کے بعد شرمندۂ تعبیر ہو گا۔ اس کے مثبت اور پائے دار اثرات نہ صرف یہ کہ پاکستان پر مرتب ہوں گے بلکہ ہمسایہ ممالک بھی اس سے بھرپور طور پر مستفید ہوں گے۔ عالمی صورتِ حال اور قومی فرائض سے آگاہ و آشنا ہر پاکستانی اس منصوبے کی اہمیت وافادیت اور نتائجیت میں استحکام و اضافے کے پیشِ نظر اپنے فہم و شعور کو پوری طرح صَرف کر دینا چاہتا ہے۔ اس امر کا اندازہ اس حقیقت سے بہ خوبی ہو جاتا ہے کہ ہر حکومت، ہر محکمہ اور ہر سیاسی جماعت اس منصوبے کی کام یابی کی خواہاں ہے۔ سی پیک در اصل "ایک پٹی اور ایک شاہ راہ" (One Belt And One Road) کے عظیم خواب پر مشتمل ایک طویل مدتی منصوبہ ہے۔ یہ شاہرات کا ایک وسیع سلسلہ ہے جو دُنیا کے ممالک کو ایک دوسرے سے جوڑ دے گا، اس سے ان ممالک کی دو طرفہ تجارت کے ساتھ ساتھ عالمی تجارت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔(۱۲۲) یہ چین اور پاکستان کی ترقی ہی نہیں بلکہ پوری دُنیا کی ترقی کا باعث ہو گا۔ اس منصوبے کی کام یاب تکمیل سے معاشی سرگرمیوں کو وسیع پیمانے پر فروغ حاصل ہو گا، روز گار کے بے شمار مواقع پیدا ہوں گے اور عوامی خوش حالی و ترقی کی نئی راہیں دریافت ہوں گی۔ مواصلات، نقل و حمل اور بحری ترقی کے شعبہ جات میں انقلاب بپا ہو جائے گا۔ یہ منصوبہ بنیادی طور پر وسیع تر سرمایہ کاری ہے۔ اسے قرضوں کے پسِ منظر میں سمجھنے کی کوشش کرنا نامعقولیت ہے۔ اس منصوبے کی تھوڑے وقت میں تکمیل پاکستان اور چین کے بہترین مفاد میں ہے۔ ابتدائی طور پر یہ پینسٹھ ارب ڈالر کی چین کی طرف سے کی گئی سرمایہ کاری ہے۔ چین کی یہ خواہش ہے کہ پاکستان سے حاصل کردہ افرادی قوت کو اس منصوبے میں استعمال کیا جائے، کیوں کہ پاکستان میں ماہرین اور مزدوروں کی اُجرتیں چین کی نسبت سے ایک چوتھائی ہیں۔ چین کی پاکستان میں خصوصی دل چسپی کا ایک مظہر یہ بھی ہے کہ وہ پاکستان میں ایسی صنعتوں کے قیام کا ارادہ رکھتا ہے جس میں زیادہ افرادی قوت درکار ہو اور اس طرح سستی افرادی قوت کی مدد سے مصنوعات تیار کی جائیں اور دُنیا سے نفع

---

121– Meena Singh Roy, "Where is The China –Pakistan Relationship Heading-Strategic Partnership or Conditional Engagement?" *Asia Policy, National Bureau of Asian Research, Number*, 21 (2016), 160-163.

122– Ejaz Hussain, China Pakistan Economic Corridor, 1-38.

حاصل کرنے کے لیے اسے بر آمد کیا جائے۔اس عمل سے پاکستانیوں کی آمدن میں غیر معمولی اضافہ ہو گا اور بے روز گاری میں کمی آئے گی۔(۱۲۳) یہ منصوبہ پینسٹھ ممالک کے لیے ہے۔اس کی معاشی اہمیت کا اندازہ ان حقائق سے کیا جا سکتا ہے کہ آج کل چین کو یورپ کوئی سامان بھیجنے کے لیے تقریباً ۱۹۱۳۲ میل کی مسافت طے کرنا پڑتی ہے۔ چین کے وسط سے شنگھائی کی بندر گاہ تک ۲۶۲۵ میل کا زمینی راستہ ہے، اس کے بعد شنگھائی کی بندر گاہ سے شروع ہونے والا بحری سفر یورپ تک ۱۶۵۶۰ میل پر مشتمل ہے۔اس سفر میں پچاس (۵۰) دن صَرف ہو جاتے ہیں۔ سی پیک کی کام یاب تکمیل کے بعد یہ فاصلہ کم ہو کر ۲۲۹۵ میل رہ جائے گا۔ اس میں زمینی فاصلہ ۱۷۵۰ میل جب کہ سمندری فاصلہ ۵۴۵ میل ہو گا۔اس سارے عمل میں سترہ (۱۷) دن صَرف ہُوا کریں گے۔ دنوں کے علاوہ اخراجات کے اعداد و شمار بھی بڑے دل چسپ اور قابلِ توجہ ہیں۔ ۴۰ فٹ کے کنٹینر کو شنگھائی سے ہیمبرگ بھیجنا ہو تو اس کا ریٹ تین ہزار ڈالر بنتا ہے۔ سی پیک کی کام یابی کے بعد گوادر کی بندر گاہ سے اس پر ایک ہزار ڈالر خرچہ آیا کرے گا، یعنی لاگت ایک تہائی رہ جائے گی۔(۱۲۴)

سی پیک منصوبے کی اہمیت کو پوری طرح سمجھنے کے لیے گوادر کی بندر گاہ کی تعمیر کو ذہن میں رکھنا بہت ضروری ہے۔ گوادر میں بندر گاہ پر کام کا آغاز ۲۰۰۲ء میں ہُوا، اس کی تکمیل ۲۰۰۷ء میں ہوئی، اس بندر گاہ کو چلانے کا ٹھیکا دینے کے لیے ابتدائی طور پر سنگاپور سے بات ہوئی تھی۔ بعد ازاں ۲۰۰۳ء میں یہ منصوبہ چین کی کمپنی کو دیا گیا۔ بہتر کار کردگی کے نتیجے میں پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی راہ داری کے معاہدے پر دست خط ۲۰۰۵ء میں ہوئے۔ سی پیک کے اس ابتدائی مرحلے کا ہدف خنجراب اور گوادر پورٹ کے درمیان شاہرات کی تعمیر تھا۔اس تیز رفتار منصوبے پر کام کا آغاز ۲۰۱۵ء میں ہُوا اور تجارتی سامان کی نقل و حمل کا آغاز ۲۰۱۶ء میں ہُوا۔ سی پیک کے سارے منصوبے کی تکمیل ۲۰۳۰ء تک ہونے کی اُمید ہے۔(۱۲۵) سی پیک معاشی میدان میں چین کے جرأت مندانہ کردار کا آئینہ دار ہے۔

سی پیک کو چین کی ان اقتصادی ضروریات کے پسِ منظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ یہ شاہ راہِ ریشم کا تسلسل ہے اور تعمیر و ترقی کے اُسی قدیم و مستحکم فکر و خیال کی تجدید ہے۔

---

123– Ishrat Husain, CPEC and Pakistan Economy: AnAppraisal, 1-28.

124– Shaukat Qadir, Rafaqat Islam And Shahid Bashir, CPEC:A Reality Check,1-170.

125– Mordechai Chaziza, “China –Pakistan Relationship :A Game-Changer for the Middle East?” *Contemporary Review of The Middle East*, 3(2y), (SAGE Publications India), (2016), 1-15.

## ۴- پاک چین اقتصادی راہ داری کی کام یابی کے ضمن میں بین المذاہب اور سماجی ہم آہنگی کو درپیش خطرات

سی پیک عالمی اُفق پر نمودار ہوتا ہُوا تعمیر وترقی کا ایک عظیم الشان منصوبہ ہے۔ اس کی کام یابی میں جن عوامل کا بہت زیادہ دخل ہے اُن میں علاقائی امن، افغانستان میں مفاہمتی عمل کی کام یابی، پاکستان کی سرحدوں کا تحفظ، منتشر الخیالی اور مستقبل سے متعلق بے یقینی کا خاتمہ، فکری جمود سے نجات، مذہبی وسماجی تنازعات کا خاتمہ، علاقائی ولسانی تصادم کی راہ روکنا، دہشت گردی اور فرقہ واریت کا خاتمہ اور سماجی ومعاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا شامل ہیں۔ ان اہداف ومقاصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان اور چین کی ریاستیں داخلی اور خارجی محاذوں پر مستحکم ہوں، ان میں شہریوں کی مسلح جدوجہد پر مکمل پابندی ہو، نامعقول جتھہ بندی کا راستہ روکا جائے، ریاستی اداروں کے خلاف دہشت گردی بند کرائی جائے، مختلف مذہبی تصورات خصوصاً جہاد کی من مانی تشریحات کو روکا جائے، قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے والوں کا راستہ روکا جائے، ملکی اور قومی مفادات کو ہر گز نظر انداز نہ کیا جائے، نفاذِ شریعت کے نام پر ہونے والے خود کش حملے بند کرائے جائیں، انتہا پسندی کا خاتمہ کیا جائے، متوازن ومعتدل معاشرت کے قیام کو ممکن بنایا جائے، دہشت گردوں کے خلاف جرأت مندانہ اقدامات کیے جائیں، تحمل و برداشت کے رویوں کو فروغ دیا جائے، غربت وجرائم پر قابو پایا جائے، انسانی حقوق کا احترام کیا جائے، باہمی مکالمے کو فروغ دیا جائے، صبر و تحمل اور رواداری کی روایات کو مضبوط ومستحکم کیا جائے، نامناسب انداز میں غداری کے سرٹیفکیٹ نہ بانٹے جائیں، بلاجواز رویے کا مظاہرہ کرتے ہوئے کفر کے فتوے نہ لگائے جائیں، سیاسی شعور کو ترقی پانے کے مواقع دیے جائیں اور عوام میں شراکتِ اقتدار کا احساس پیدا کیا جائے۔ ان کثیر الجہات اور اعلیٰ وارفع مقاصد کی تکمیل کے لیے بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی رواداری کا فروغ نہایت ضروری ہے۔ سی پیک کی کام یاب تکمیل اور اس کی نتیجہ خیزی کا براہِ راست تعلق پاکستان اور چین کی مذہبی وسماجی صورتِ حال ہے۔ امن، احترام، برداشت، شفافیت، میرٹ اور اخلاق ہی وہ ذرائع ہیں جن سے اس منصوبے کو مفید وکار آمد بنایا جاسکتا ہے۔ اس پسِ منظر میں پاکستان اور چین کی حکومتوں کے لیے بہت ضروری ہے کہ وہ بین المذاہب رواداری اور سماجی ہم آہنگی کی فضا کو قائم کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کریں۔

چین قدیم تہذیب وثقافت کا حامل ملک ہے۔ سی پیک چین کی اُسی عظمتِ رفتہ کا امین بننے جارہا ہے۔ اس عظیم منصوبے کا معاملہ محض تعمیر وترقی اور سہولت وخدمت تک محدود نہیں ہے۔ اس کی معاشی، تجارتی اور سماجی

حیثیّت کے ساتھ ساتھ اس کی سیاسی و عسکری نوعیّت بھی بڑی معنی خیز اور قابلِ توجہ ہے۔

سی پیک منصوبے کی سنجید گی، حسّاسیّت اور اہمیت کا تقاضا ہے کہ مذہب و سماج اور قومی سلامتی سے جُڑے معاملات پر خصوصی توجہ دی جائے۔ بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی رواداری کے فروغ کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے۔ میرٹ اور راست روی پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، مذہبی معاملات کی حساسیّت کو نظر انداز نہ کیا جائے، سامراجی قوتوں کے مذموم ارادوں کی پوری تفہیم و تحقیق کی جائے، چین میں مسلم آبادی کے مسائل کو حل کرانے کے لیے بہتر اور مؤثر حکمتِ عملی وضع کی جائے، امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ پاکستان اور چین کے شان دار تعلقات اور سی پیک کی افادیّت کے پسِ منظر میں بین المذاہب وُسعت اور سماجی ہم آہنگی کے ماحول کو جن عوامل و عناصر سے شدید خطرات لاحق ہیں اُن کا تجزیہ ذیل کی سطور میں پیش کیا جاتا ہے۔

## i- سی پیک سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق تک عوام کی رسائی

کسی بھی منصوبے کی تیاری اور اس کی کام یابی کا بڑی حد تک انحصار معلومات کی ترسیل اور شفافیت پر ہوتا ہے۔ متعلقہ ملکوں کے عوام کو یہ معلومات فراہم کی جائیں کہ سی پیک کس طرح تیار کیا جارہا ہے، یہ منصوبہ کس حد تک پاکستان کے لیے کار آمد ہو سکتا ہے، اس کے مختلف مراحل کیا ہیں، ان مراحل کی ترتیب کیا ہوگی، پاکستان کے کس حصے کو کتنا فائدہ ہوگا، عوام اور پاکستانی پارلیمان کے ارکان ان سوالات کے جوابات پوری طرح نہیں جانتے۔ سی پیک تاحال ایک نیم خُفیہ معاہدے کی حیثیّت سے جانا جاتا ہے۔ یہ رائے کافی حد تک درست معلوم ہوتی ہے کہ سی پیک سے متعلق حکومت پورا سچ بولنے سے گریز کرتی رہی اور اپوزیشن زیادہ تر مفروضوں کی بنیاد پر بات کرتی رہی۔[۱۲۶] کوئی نہیں جانتا کہ سی پیک مکمل ہونے کے بعد ماحول پر کیا اثرات مرتب ہوں گے، پاکستان نے اس ضمن میں کیا تخمینہ لگایا ہے، گوادر میں بندر گاہ بننے سے پاکستان کی مجموعی آمدن میں کیا اضافہ ہوا، ان سوالات کے جوابات کسی شہری کے پاس نہیں ہیں۔ بلوچستان کا عام آدمی نہیں جانتا کہ گوادر بندر گاہ کے فوائد میں بلوچستان کا حصہ کتنا ہے، کون جانتا ہے کہ گوادر سے خنجراب تک کی ہائی وے کیا حیثیّت رکھتی ہے، کیا یہ محض ٹول روڈ ہے، اگر ایسا ہی ہے تو اس کی آمدن سے ان صوبوں کو کتنا حصہ ملے گا جن سے یہ ہائی وے گزرے گی۔ عام کاروباری آدمی پریشان ہے کہ سی پیک کی کام یابی اور روانی کے بعد پاکستان کی چھوٹی صنعتوں کا کیا بنے گا، کوئی نہیں جانتا کہ چین کی

---

۱۲۶- سلیم صافی، مرجع سابق، ۱۴۔

طرف سے درآمدات پر ٹیکس کی چھوٹ دینے سے پاکستان کے صنعتی شعبہ پر کیا اثر پڑے گا، عام آدمی اور کاروباری طبقہ جذباتی طور پر اُس وقت سی پیک کی کام یابی کا خواہاں ہو گا جب وہ ان سوالات کے جوابات سے آگاہ ہو گا۔ سی پیک کے مختلف پہلوؤں اور فوائد کی تفہیم مختلف طبقات کے لیے نہایت ضروری ہے۔ سی پیک کا ایک نیم خفیہ معاہدے کی حیثیت سے متعارف ہونا کام یابی کی راہ میں ایک اہم رکاوٹ ہے۔ اس چیلنج سے نبرد آزما ہونے کے لیے ضروری ہے کہ سی پیک اور اس سے متعلقہ دیگر معاہدات کو دونوں ممالک کی پارلیمان کے سامنے پیش کیا جائے اور عوام تک تمام معلومات کی ترسیل کی جائے۔[۱۲۷] بلاشبہ پاک چین تعلقات اور سی پیک کی مضبوطی کا انحصار عوامی اطمینان پر ہے۔ بہت سے لوگ ابہام کا شکار ہیں کہ چین پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہا ہے یا یہ رقم قرض ہے۔ اگر یہ سرمایہ کاری ہے تو چینی کمپنیاں اس سے منافع کمائیں گی اور حکومتِ پاکستان کو ٹیکس کی صورت میں بڑی آمدنی حاصل ہو گی۔ لیکن اس ضمن میں کوئی ٹھوس معلومات عوام کو حاصل نہیں ہو تیں۔ یہ بھی ابہام ہے کہ یہ قرض ہے اور قرض بھی ایسا جس کو ری شیڈول بھی نہیں کروایا جا سکتا۔ بہ الفاظ دیگر پاکستان اس قرض پر سود دے گا اور پاکستانی عوام پر قرضوں کا بوجھ مزید بڑھ جائے گا۔ سی پیک دونوں ملکوں کے مفاد کا معاملہ ہے لیکن یہ بات واضح نہیں کہ سی پیک کے تحت بننے والے روڈ سے آنے والے ٹول ٹیکس کی تقسیم کا طریقہ کار کیا ہو گا۔ اسی طرح گوادر بندرگاہ سے حاصل ہونے والی آمدنی کے بارے میں بھی وضاحت ہونی چاہیئے کہ اس میں چین کا حصہ کتنا ہے۔ ایک دل چسپ حیرت کا معاملہ یہ ہے کہ بعض حلقے سی پیک کو "جدید ایسٹ انڈیا کمپنی" قرار دے رہے ہیں۔ یہ لوگ چینی سامراجیت کا اندیشہ ظاہر کر رہے ہیں۔[۱۲۸] اس سارے خوف کی وجوہات میں نامکمل اور ناقابلِ اعتبار معلومات ہیں۔ حکومتِ پاکستان کو چاہیے کہ سی پیک کے پورے منصوبے کے بارے میں شفاف معلومات فراہم کرے۔ لوگ سنی سُنائی باتوں سے ابہام کا شکار ہوتے ہیں۔ بہت سے لوگ سنسنی پھیلاتے ہیں اور گم راہی کے فروغ کا باعث بنتے ہیں۔

## ii- استعماری قوتوں کی مخالفت

امریکہ اور بھارت سمیت بہت سی عالمی طاقتیں پاک چین اقتصادی راہ داری کے خلاف ہیں اور اس کی ناکامی کے لیے وہ ہر وقت سازش میں مصروف ہیں۔ استعماری قوتیں پاکستان اور چین کے درمیان اعتماد اور خلوص

---

۱۲۷- زاہد الراشدی، "سی پیک منصوبہ: قوم کو اعتماد میں لینے کی ضرورت"، ۱۷-۲۲۔

128- Ahmad Khawar Shahzad, CPEC-A Critique of Lucid Implications, CPEC:A Reality Check, National Defence University, Islamabad, (2018), 95-112.

کے تعلقات کو خراب کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں۔[۱۲۹] یہ قوتیں چین ہی نہیں پاکستان کے متوقع عالمی قد کاٹھ سے بھی خائف ہیں۔[۱۳۰] لہٰذا اس عظیم منصوبے کے مقاصد کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ اس کے خلاف بنائی جانے والی جھوٹی کہانیوں کا پوری صلاحیّت سے تجزیہ کیا جائے۔[۱۳۱] یہ عالمی طاقتیں اس نوعیّت کا پراپیگنڈا کر رہی ہیں کہ سی پیک اور باہمی تعاون پر مشتمل دیگر منصوبے اپنے اندر بعض ایسے خطرات یا ابہامات رکھتے ہیں جن کا تعلق چینی مذاہب اور وہاں کی تہذیب وثقافت سے ہے۔ بہت سے پاکستانی اس حوالے سے پریشان دکھائی دیتے ہیں۔

سی پیک کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ پاک چین دوستی کے مخالفین کے پراپیگنڈہ کو سمجھا جائے اور اس ضمن میں مذہبی وسماجی طبقات سے بھرپور مشاورت کی جائے۔

## iii- چین میں مسلمانوں کا استحصال

چین میں مسلمانوں کی آمد کے زمانی تعین کے حوالے سے مؤرخین کی آرا مختلف ہیں۔[۱۳۲] چینی مسلمانوں کی اکثریت شمال مغربی ریاست سنکیانگ میں آباد ہے۔ یہ نسلی اعتبار سے ترک ہیں جو کہ صدیوں سے اسی علاقے میں آباد ہیں۔[۱۳۳] پہلے اس علاقے کو مشرقی ترکستان کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ اس کا رقبہ ۱۶/لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔ یہ معدنیات کی دولت سے مالا مال ہے۔ یہاں سونا، چاندی، کوئلہ، تانبا، جست اور نائٹریٹ کی طرح کے وسیع ذخائر ہیں۔ اس میں چالیس نہریں، بارہ دریا اور تین پہاڑی سلسلے واقع ہیں۔ سنکیانگ کی سرحد پاکستان اور بھارت سمیت آٹھ ممالک سے ملتی ہے۔ اس کا محل وقوع بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ مشرق میں منگولیا، شمال مغرب میں کرغستان، تاجکستان، افغانستان اور پاکستان، جنوب میں تبت اور بھارت ہیں۔ اس کا صدر مقام "ارمچی" ہے۔ یارقند، کاشغر، ختن، اکسور، ترخان اور کلجبو اس کے اہم شہر ہیں۔ یہاں گندم، چاول، باجرہ، کپاس اور مختلف اقسام

---

۱۲۹– قاضی مصطفیٰ کامل، "عوامی جمہوریہ چین کے صدر کا دورہ اور نئی سازشیں"، ۶۳-۶۷۔

130– Thomas J and Christensen, *The China Challenge: Shaping the Choice of a Rising Power*, 13-168.

۱۳۱– محمد اسلم جنجوعہ، **چین: پُرامن تعمیر وترقی کی نئی شاہراہیں**، ۲۰-۲۱۔

۱۳۲– عمر حیات عاصم، **چین میں اسلام کا مستقبل**، ۹۔؛ محمد رفیق چودھری، **چین کے یغور مسلمانوں پر ظلم**، ۱۰۔

133– Qing Lai and Zheng Mu, Univesal, Yet Local: "The Religious Factor in China Muslim's Perception of world development hierarchy", *Chinese Journal of Sociology*, 2: 4, (2016), 524-546.

کے پھل کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ اس علاقے کی تاریخ بہت قدیم ہے۔ یہ کئی بار تباہ ہوا اور متعدد بار آباد ہُوا۔ اپنے مذہبی، تاریخی، جغرافیائی، معدنی اور زرعی پسِ منظر میں سنکیانگ بڑی اہمیت کا حامل چینی صوبہ ہے۔[۱۳۴] اس پر کبھی عربوں نے حکومت کی اور کبھی اہلِ تبت اس کے حکمران رہے۔ چین کے بڑھتے ہوئے نفوذ اور قوت کے سبب یہ علاقہ چین کے زیرِ قبضے آ گیا۔ یہاں کے مسلمان اویغور کہلاتے ہیں۔ اویغور مسلمانوں نے چینی قبضے کے خلاف کئی مرتبہ بغاوت کی۔[۱۳۵] ۱۹۳۳ء میں مسلمانوں نے باقاعدہ ایک علاحدہ آزاد ریاست قائم کر لی۔ اس کا اپنا ایک دستور تھا اور خواجہ نیاز اس کے پہلے صدر تھے۔ تاہم چینیوں نے اویغور مسلمانوں کی حکومت کے تمام ارکان اور دس ہزار مسلمانوں کو شہید کر کے سنکیانگ پر قبضہ کر لیا۔ ۱۹۴۹ء سے سنکیانگ چین میں شامل ہے۔ چند سالوں بعد چینی حکومت نے سنکیانگ کو خود مختار ریاست کا درجہ دے دیا، تاہم یہ خود مختاری حقیقی معنوں میں نہ تھی، نتیجہ یہ ہے کہ سنکیانگ پر تاحال چینی حکومت ہی کا کنٹرول ہے۔[۱۳۶]

سنکیانگ چوں کہ مسلمان اکثریتی صوبہ ہے اس لیے چینی حکومت سنکیانگ اور مسلمانوں کے بارے میں بڑی حسّاس اور چوکنی ہے۔ وہاں کئی مرتبہ کشیدگی کے آثار دیکھے گئے ہیں۔ چینی حکومت مسلمانوں سے خوف زدہ ہے کہ کسی بھی وقت وہ بغاوت کا ارتکاب کر سکتے ہیں۔ ۱۹۸۰ء کی دہائی میں جب چینی حکومت اور سنکیانگ کے مسلمانوں میں معاملات کشیدہ ہونے لگے تو چینی حکومت نے مذاکرات کی دعوت دی۔ پانچ سو کے قریب علما مذاکرات کے لیے گئے مگر اُن کو بے دردی سے شہید کر دیا گیا۔ اس طرح کی کئی ناانصافیاں چینی حکومت نے کی ہیں۔ چین سنکیانگ کے مسلمانوں پر علاحدگی پسندی کا الزام لگاتا ہے۔ اس پسِ منظر میں وہاں کے مسلمانوں کو عملاً غلام بنا کر رکھا گیا ہے، انسانی حقوق کو پامال کیا جا رہا ہے۔ اذان، نماز اور مسجد کے معاملات پر اکثر مسلمانوں کو پابندیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چین میں مسلمانوں کو دو بچوں کی پیدائش کی اجازت دی گئی ہے۔ اگر کسی مسلمان گھرانے میں تیسرا بچہ پیدا ہو جائے تو حکومت اسے رجسٹرڈ نہیں کرتی۔ حج کے بارے میں بھی بڑی سختی کی جاتی ہے۔ ہر سال صرف دو ہزار مسلمانوں کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ حج کریں۔ مسلمان حاجی چین کے سرکاری اہل

---

۱۳۴- عنایت اللہ فیضی، **چین بہ چین، اسلام آباد** (دوست پبلی کیشنز، ۱۹۹۸ء)، ۱۸۳-۱۸۴۔

۱۳۵- گلزار احمد، **تذکرۂ سنکیانگ**، ۱۲-۳۲۔

۱۳۶- اسامہ الطاف، "چین میں اویغور مسلمانوں کا استحصال"، ۵۴؛ محمد رفیق چوہدری، ہفت روزہ ندائے خلافت، ۲۹ جنوری تا ۴ فروری ۲۰۱۹ء، ۱۰؛ انور یوسف، چینی مسلمانوں کا مقدمہ، مجلہ: مکالمہ بین المذاہب (لاہور: مارچ ۲۰۱۴ء)، ۸۶۔

کاروں اور خفیہ سراغ رساں اداروں کی سر پرستی میں حج کرنے پر مجبور ہیں۔[۱۳۷] ایک خوف ناک معاملہ سنکیانگ میں وسیع رقبہ پر پھیلے تربیتی کیمپوں کا ہے۔ ان میں دس لاکھ سے زائد مسلمانوں کو گرفتار کر کے رکھا گیا ہے۔ کیمپوں میں کھانا کمیونسٹ پارٹی کے نغمے گانے اور چینی صدر کے حق میں نعرے لگانے کے عوض ملتا ہے۔ انکار کی صورت میں سخت سزا ملتی ہے۔ اس طرح مسلمانوں کو شدید ذہنی دباؤ کا سامنا ہے۔ ان کو اپنی ذات کی نفی پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہ پابندیاں صرف اویغور قومیت رکھنے والے مسلمانوں پر ہیں۔ دیگر قومیتوں کے مسلمانوں کو قدرے مذہبی آزادی حاصل ہے۔[۱۳۸] چین کی اس ریاستی دہشت گردی پر مسلم دُنیا کی اکثریت خاموش رہتی ہے۔ ملائیشیا اور ترکی کی طرف سے بعض اوقات مذمتی بیانات سامنے آتے ہیں۔ حکومتِ پاکستان اس پر اکثر اوقات خاموش رہنے کی حکمتِ عملی اپناتی ہے۔ چینی حکومت کی اپنی مسلمان آبادی سے اس قدر زیادتی اور پاکستانی حکومتوں کی اس پر خاموشی بہت سے سوالات کو جنم دیتی ہے۔[۱۳۹] پاکستان اور چین مستقبل میں جس عظیم کاروباری اور تجارتی شراکت داری کا خواب دیکھ رہے ہیں اس کی خوب صورت اور احسن تعبیر اس صورتِ حال میں تشکیل پاتی دکھائی نہیں دیتی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سی پیک کو کام یاب بنانے کے لیے چین اپنے داخلی ماحول میں بین المذاہب ہم آہنگی کی راہ ہم وار کرے۔ مسلمانوں کو نسلی یا مذہبی تعصب کا نشانہ بنانے سے گریز کیا جائے۔ بہ صورتِ دیگر نام نہاد جہادی گروہوں کو اپنے عزائم کی تکمیل میں بڑی آسانیاں میسر آسکیں گی۔ حکومتِ پاکستان کی بھی ذمہ داری ہے کہ چینی حکومت کی اس ناانصافی کی طرف توجہ مبذول کرائے۔[۱۴۰]

## iv- مغربی میڈیا کی چین کے خلاف متعصبانہ مہم

دورِ جدید میں میڈیا ایک طاقتور سیاسی، تجارتی اور جنگی ہتھیار کے طور پر سامنے آیا ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ مغربی میڈیا امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک کے مفادات کے تحفظ کے لیے جانب دارانہ کردار ادا کرتا ہے۔ اس وقت چین ایک ایسی عالمی قوت کے طور پر سامنے آرہا ہے جس کی سیاسی و معاشی اُٹھان کو امریکہ کسی صورت برداشت کرنے کو تیار نہیں۔ امریکہ اپنے اتحادی ممالک اور جنوبی ایشیا کے ایک بڑے ملک یعنی بھارت

---

۱۳۷- ثروت صولت، **دُنیا میں مسلم اقلیتیں** (حصہ اول) (کراچی: ادارہ معارف، ۱۹۹۰ء)، ۱۴۱-۱۵۴؛ حسنین نازش، **دیوارِ چین کے سائے تلے**، ۲۰۸۔

۱۳۸- اسامہ الطاف، مرجع سابق، ۵۵- ۵۶۔؛ شفیق انجم، **سنکیانگ نامہ**، ۵۲-۵۷۔

۱۳۹- اسد اللہ غالب، ”چینی مسلمانوں کی تحریکِ مزاحمت اور پاکستان“، ۵۴-۵۶۔

۱۴۰- زاہد الراشدی، مرجع سابق، ۱۸- ۲۰۔

کے ذریعے اس پروپیگنڈے میں مصروف ہے کہ چین کا داخلی نظام ناانصافی پر مبنی ہے۔ اس فکر وخیال کی مشہوری کے لیے مغربی میڈیا کو بھرپور استعمال کیا جارہا ہے۔ مغربی میڈیا کا تعصب اور سامراجی کردار اب ڈھکا چھپا نہیں رہ گیا۔ چین کے خلاف غیر اخلاقی اور اشتعال انگیز مہم جاری ہے۔ اس کی ایک اہم مثال چینی مسلمانوں کے بارے میں خبروں کی ترسیل ہے۔ چین کے خلاف مبالغہ آمیزی سے کام لیتے ہوئے خبریں آرہی ہیں کہ چین نے دس لاکھ مسلمانوں کو قیدی بنا رکھا ہے، وہ مسلمانوں کی اسلامی شناخت کے درپے ہے، وہ مسلمانوں کو کیمونسٹ بنانا چاہتا ہے، وہ مسلمانوں کے یتیم بچوں کو مذہب سے بیگانہ کر دینا چاہتا ہے، وہ اویغور مسلمانوں کو اعلیٰ عہدے تفویض کرنے سے گریز کرتا ہے، وہ مسلمانوں کی معاشی ناکہ بندی کیے ہوئے ہے، مسلمانوں کو عبادت کرنے سے روکا جاتا ہے، کھلی فضا میں نمازِ جمعہ اور نمازِ عیدین ادا کرنے پر پابندی ہے، مساجد شہید کی جارہی ہیں، مرد داڑھی نہیں رکھ سکتے، خواتین حجاب نہیں استعمال کر سکتیں، اسلامی کُتب حتیٰ کہ قرآن مجید کی اشاعت وطباعت پر قدغن ہے، مسلمانوں کو حلال خوراک فراہم نہیں کی جاتی، بچوں کے اسلامی نام رکھنے کی اجازت نہیں۔ یہ وہ الزامات ہیں جو مغربی میڈیا کے ذریعے سامنے آرہے ہیں۔ سچ اور جھوٹ میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہو چکا ہے۔ بادی النظر میں مغربی میڈیا کی یہ مبالغہ آمیزی امریکی مقاصد کے حصول کی کوشش ہے۔ یہی مغربی میڈیا پوری دُنیا میں حجاب کی مخالفت کرتا ہے، مسلمانوں کی تحریکات آزادی کا مذاق اُڑاتا ہے، اسلام اور جہاد کو دقیانوسی قرار دیتا ہے، مسلمانوں کو دہشت گرد قرار دینے کی پوری کوشش کرتا ہے، فلسطین وکشمیر اور شام وبرما میں مسلمانوں پر ہونے والی زیادتیاں مغربی میڈیا بیان نہیں کرتا۔ چین کو بدنام اور کم زور کرنے کے لیے مسلمانوں کا کندھا استعمال کیا جارہا ہے، مغرب اپنے سامراجی اہداف کے حصول کے لیے کبھی مسلمانوں کا دوست بن جاتا ہے اور کبھی دشمن۔ مغربی میڈیا کی طرح سوشل میڈیا بھی بڑے منظم انداز میں چین اور اس کے مفادات کو ہدف بنائے ہوئے ہے۔ یاد رہے کہ چین کی رفاقت پاکستان کو بہت عزیز ہے، سی پیک اس رفاقت وشراکت کا شاہ کار ہے، سنکیانگ ہی چین کا وہ علاقہ ہے جہاں سے چین سی پیک شروع کر رہا ہے لہٰذا اہلِ پاکستان کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا چاہیے۔ کسی تیسرے فریق کو درمیان میں لائے بغیر اور مغربی میڈیا پر انحصار نہ کرتے ہوئے چینی مسلمانوں کے مسائل کی خود تحقیق کرنی چاہیے۔ اس ضمن میں براہِ راست چینی قیادت سے بات کرنی چاہیے۔ اُمید ہے کہ ماضی کے تعلقات کا استحکام ایک عظیم اعتماد عطا کرے گا۔ اس اعتماد اور اُمید کے ماحول میں بہتری کے اسباب تلاش کیے جائیں۔ اسی روش کے تحت ہی سی پیک کی کام یابی کو مغربی میڈیا کے ذریعے پراگندہ ہونے سے بچایا جاسکتا ہے۔

## v- چینی باشندوں کی پاکستان میں شادیوں کے نام پر جسم فروشی اور اعضا فروشی کی اخلاق باختہ مہم

سی پیک کے پسِ منظر میں یقیناً پاک چین تعلقات میں وُسعت آئی ہے اور باہمی ترقی و تجارت کے بہت سے بند دروازے کھُلتے نظر آرہے ہیں۔ سماجی و معاشی ارتقا کے اس شان دار ماحول میں بعض چینی شہریوں کی غیر اخلاقی اور مجرمانہ سرگرمیاں بھی منظر عام پر آئی ہیں۔ بعض منظم گروہ پاکستان سے خواتین کو چین منتقل کر رہے ہیں۔ اس گھناؤنے دھندے کے ذریعے پاکستانی لڑکیوں کی چینی باشندوں سے شادیاں کرائی جاتی ہیں۔ ان پاکستانی خواتین کو چین لے جاکر جسم فروشی اور اعضا فروشی پر مجبور کیا جاتا ہے۔ شادی ایسے مقدس و محترم رشتے کے نام پر بد اخلاقی کا مظاہرہ کیا جارہا ہے۔[۱۴۱] پاکستان کے تحقیقاتی و تفتیشی اداروں نے اس ظلم و بربریت میں ملوث بہت سے چینی اور پاکستانی شہریوں کو گرفتار بھی کیا ہے۔ یہ غیر اخلاقی اور شرم ناک صورتِ حال پاکستان اور چین دونوں ملکوں کی شہرت کو خراب کر رہی ہے۔ دونوں ملکوں کے سفارت خانے اس ضمن میں لوگوں کی شکایات کو دور کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں۔ لیکن آئے روز ان خبروں میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ مذہبی اعتبار سے قابلِ اعتراض پہلو یہ ہے کہ چینی باشندے مسلمان یا مسیحی ہونے کا جعلی سرٹیفکیٹ بنواتے ہیں۔ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ بعض پاکستانی اس جُرم میں چینی شہریوں کی مدد کرتے نظر آتے ہیں۔ ملازمت اور کاروبار کرانے کا لالچ دے کر غیر قانونی رشتہ مراکز سے وابستہ لوگ اس دھوکا دہی میں ملوث ہیں۔ نتیجہ انسانی حقوق کی پامالی، تشدد اور اسلحہ کے غیر قانونی استعمال کی صورت میں سامنے آتا ہے۔[۱۴۲] اس غیر اخلاقی صورتِ حال نے اہلِ پاکستان کے مذہبی وقار، قومی تشخص اور سماجی روایات پر بہت سے ابہامات اور سوالات کو جنم دیا ہے۔ اس مسئلے کا تاریخی پس منظر یہ ہے کہ چین میں ۲۰۱۵ء تک "ایک جوڑا، ایک بچہ" کی حکمتِ عملی نافذ العمل تھی۔[۱۴۳] اس پالیسی کی وجہ سے چینی شہریوں میں مردوں کی تعداد خواتین سے زیادہ ہوگئی۔ چین میں بہت سے لوگ بیٹی کی پیدائش سے قبل اسقاطِ حمل کروادیا کرتے تھے۔ اس طرح بیٹی پر بیٹے کو فوقیت حاصل ہوتی گئی۔ لڑکوں کی کثرت اور لڑکیوں کی قلّت نے اہلِ چین کو ایک سماجی اور خاندانی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ عورتوں اور مردوں کی تعداد میں موجود عدمِ توازن نے

---

141– Bandana Purkayastha and Farhan navid Yousaf, *Human Traffiking: Trade for Sex, Labour and organs* (Cambridge: Polity Press, (2019), 32-60, 88-107.

۱۴۲– روزنامہ **نوائے وقت**، لاہور، ۸ مئی ۲۰۱۹ء؛ روزنامہ **خبریں**، لاہور ۷ مئی ۲۰۱۹ء؛ روزنامہ **جنگ**، لاہور، ۱۷ مئی ۲۰۱۹ء۔

۱۴۳– شفیق انجم، **سنکیانگ نامہ**، ۶۳۔

ایک سماجی اور خاندانی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ عورتوں اور مردوں کی تعداد میں موجود عدمِ توازن نے بہت سی محرومیوں اور خرابیوں کی راہ ہموار کی ہے۔ مجبوری کے اس ماحول میں پاک چین سماجی روابط سے استفادے کی سبیل چینی مردوں نے اختیار کرنے کی کوشش کی۔ چینی مرد پاکستان آکر پاکستانی لڑکیوں سے شادیاں کرنے لگے۔ اس انسانی اور سماجی مسئلے کو حل کرنے کے دوران بعض منفی سوچ کے حامل افراد اور گروہ بھی فعال ہو گئے۔ ان لوگوں نے شادی کا نام لے کر لڑکیوں کو چین منتقل کرنا شروع کر دیا۔ اس غیر اخلاقی روش کے تحت جسم فروشی اور جسمانی اعضا کی منتقلی و فروخت کا بازار گرم کیا گیا۔ پاکستان میں بے روزگاری، غربت اور مہنگائی نے اس کاروبار کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ کثرت وبہتات کے لالچ اور دولت واسبابِ دُنیا کی ہوس نے انسانیت سوز خبروں کو تشکیل دیا۔ پاک چین تعلقات کی مضبوطی خصوصاً سی پیک کے استحکام اور اس کی افادیت میں اضافے کا تقاضا ہے کہ ایسے سنگین مسائل پر تحقیق و تفتیش کا عمل سنجیدگی سے کیا جائے۔ یہ صورتِ حال مذہبی وسماجی ہم آہنگی کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ مسلم فکر سے وابستہ اہلِ پاکستان کی اکثریت اس خراب صورتِ حال سے پریشان ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس شرم ناک مسئلے پر دونوں ممالک کی طرف سے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ اس غیر انسانی کاروبار کو بند کیا جائے اور ذمہ داران کو بے نقاب کرکے عبرت انگیز سزا دی جائے۔ اس ضمن میں مناسب قانون سازی کی بھی اشد ضرورت ہے۔

## vi- پاکستانیوں کی چینی مسلم بیویاں اور چین کے حراستی کیمپ

بعض خبریں ایسی آرہی ہیں کہ چین نے پاکستانیوں کی چینی مسلم بیویوں کو حراست میں رکھا اور دوسال بعد بعض کو رہا کر دیا گیا ہے۔ ان شرائط پر رہا کیا گیا کہ وہ اپنے مسلمان پاکستانی خاوند کو چھوڑ دیں گی اور کیمونسٹ رویہ رکھیں گی۔ تفصیلات کے مطابق چین کے حراستی کیمپوں سے رہا کی گئی چینی مسلم خواتین نے پاکستان میں مسلم تاجروں سے شادیاں کر رکھی تھیں۔ رہا کی گئی خواتین کے شوہروں نے بتایا ہے کہ چینی حکام نے ان کی بیویوں کو حراستی کیمپ میں ایسے اعمال پر مجبور کیا جو اسلام میں حرام ہیں۔ ان کو سور کا گوشت کھانے اور شراب پینے پر مجبور کیا گیا۔ رہائی کے وقت ان خواتین کو پابند کیا گیا کہ وہ تین ماہ تک سنکیانگ کی حدود پار نہیں کر سکیں گی اور اس دوران میں چینی حکام ان کی نگرانی کریں گے۔ (۱۴۴)

---

۱۴۴- روزنامہ جنگ، ۲مئی ۲۰۱۹ء۔

## vii- چینی شہریوں کی پاکستان میں خُفیہ سرگرمیاں

پاک چین تعلقات کی خوش گواریت کے لیے ایک اہم خطرہ بعض چینی شہریوں کی مشکوک اور خُفیہ سرگرمیاں ہیں۔ کئی واقعات ایسے سامنے آئے ہیں جن میں چینی شہری پاکستان کے انتظامی اداروں اور پولیس کو اپنی شناختی دستاویزات دکھانے سے گریز کرتے ہیں۔ یہ واقعات غلط فہمیوں کو جنم دیتے ہیں۔ بعض چینی شہری نجی طور پر پاکستان آکر مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہورہے ہیں۔ ان کی دستاویزات مشکوک ہوتی ہیں اور نامکمل معلومات فراہم کررہی ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں چین کی سیکورٹی ایجنسیوں کے اراکین کی غیر قانونی اور خُفیہ کارکردگی کی شکایات بھی مسلسل آرہی ہیں۔ بعض چینیوں کی کاروباری سرگرمیاں بھی مشکوک ہیں۔ زمین خریدنے اور کاروبار میں شراکت اختیار کرنے کے لیے پاکستان میں قوانین موجود ہیں لیکن فرنٹ مینوں کے ذریعے دھوکا دہی کا ارتکاب کیا جارہا ہے۔(۱۴۵)

## viii- چین کی غذائی مصنوعات کے حلال و حرام ہونے کا مسئلہ

غذا انسانی زندگی کی ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ مذہب، سماج، سیاست، معیشت اور تجارت کے مختلف شعبہ جات میں غذائی اُمور خصوصاً غذائی مصنوعات اور فوڈ ٹیکنالوجی کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ اہلِ چین کی ایک بڑی اکثریت غذائی اُمور میں اسلامی تعلیمات کی اتباع نہیں کرتی۔ شریعتِ اسلامیہ کے ہاں حرام قرار دیے جانے والے بہت سے جانور اور پرندے چینی شہری بڑے شوق اور اہتمام سے کھاتے ہیں۔ نام نہاد تربیتی کیمپوں میں محصور مسلمان چینی شہریوں کو بھی جو غذا کھانے کے لیے دی جاتی ہے اُس میں حلال و حرام کے امتیاز کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اس پسِ منظر میں پاکستان کے مذہبی و سماجی حلقوں میں یہ تشویش پائی جاتی ہے کہ پاک چین تعلقات کی وُسعت اور سی پیک کی بھرپور کام یابی کے نتیجے میں دونوں ملکوں کے شہریوں میں جو سماجی روابط پروان چڑھیں گے اُن میں غذا و خوراک کے معاملات پر خرابیاں جنم لینے کا اندیشہ ہے۔ اہلِ چین کے غذائی معاملات پر نظر رکھنے والے بعض حلقوں کا خیال ہے کہ زمانۂ قدیم میں قحط اور افلاس نے چین کو گھیر رکھا تھا۔ اس لیے اب چین کے لوگ ہر چیز کھانے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ ان میں ایسی جان دار اشیا بھی ہیں جنہیں مسلمان کھاتے ہوئے خوف، شرمندگی اور جہالت محسوس کرتے ہیں۔ اہلِ چین کی غذائی عادات کا تاریخی، سماجی اور معاشی پسِ منظر جو کچھ بھی ہو مسلمان ان معاملات

---

۱۴۵- چینی شہریوں کی مشکوک سرگرمیوں کے تفصیلی مطالعے کے لیے "فکرِ جہاں" کے مستقل عنوان کے تحت لکھا جانے والا محمد مہدی کا کالم ملاحظہ ہو۔ اس کا ضمنی عنوان ہے "خطے کی صورت حال اور پاکستان" (روزنامہ جنگ، لاہور ۲۶ مئی ۲۰۱۹ء)۔

کے مذہبی اور اخلاقی پہلوؤں کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ سی پیک کی تیز رفتار تکمیل اور اس کی نتیجہ خیزی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان اور چین باہمی منصوبہ جات کے حوالے سے غذائی حکمتِ عملی پر از سرِ نو غور کریں۔ خصوصاً مسلمان ملازمین اور صارفین کو واضح طور پر حلال اشیا فراہم کی جائیں۔ برصغیر کے مسلمان غذائی اُمور کی حلت و حرمت کے بارے میں کتنے حسّاس ہیں اس کا اندازہ ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی میں انگریز فوج کے خلاف ہونے والے اس پراپیگنڈے سے بہ خوبی ہو جاتا ہے جس میں بتایا گیا تھا کہ کارتوس میں سور کی چربی استعمال ہوتی تھی جب کہ اس کارتوس کو چلانے سے پہلے ضروری تھا کہ منہ کے ذریعے اسے قابلِ استعمال بنایا جائے۔[۱۴۶] جنگِ آزادی کا آغاز ایسے ہی معمولی معاملات سے ہُوا۔ مگر حلال و حرام کے مسئلے کی حسّاسیّت نے انگریزوں کے خلاف نفرت، کراہت، ناراضی اور غم و غصے کی فضا کو پیدا کر دیا۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ بہت سے مسلمان سپاہیوں نے برطانوی فوج میں بغاوت پیدا کر دی۔ اس تاریخی نظیر کا تقاضا ہے کہ غذائی معاملات کی حسّاسیّت پر بروقت توجہ دی جائے۔

## ix- پاکستان کی چھوٹی صنعتوں کی بقا کے مسائل

پاکستان میں معاشی ترقی اور ملازمت کے حصول کا ایک بڑا ذریعہ چھوٹے پیمانے پر قائم ہونے والی صنعتیں ہیں۔[۱۴۷] پاکستانی مارکیٹ میں چین کی مصنوعات کی وافر آمد سے پاکستان کی چھوٹی صنعتیں متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ پاکستان کے بہت سے لوگوں کا روزگار چھوٹی صنعتوں سے وابستہ ہے۔ سی پیک کی اہمیت اپنی جگہ پر مسلمہ ہے، لیکن ایسے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے کہ پاکستان کی چھوٹی صنعتوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ اس ضمن میں ایک اہم مثال پاکستانی درسی کُتب کی چین میں چھپائی کی ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ پیپر ملز مافیا کی اجارہ داری سے نجات حاصل کرنے کے لیے پاکستان کے طلبہ کے لیے درسی کُتب چین سے چھپوانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔[۱۴۸] بلا شبہ چین کی مصنوعات نے پوری دُنیا کو اپنا اسیر بنالیا ہے۔ مگر پاکستان کو اپنی صنعتوں کے تحفظ کے لیے بھی اقدامات کرنے چاہیں۔ مقامی کاروباری سرگرمیوں کی روانی بہت ضروری ہے۔ ایسے معاملات میں حکمت سے کام لیا جائے۔[۱۴۹] چین سے تکنیکی معاونت حاصل کرنے میں کوئی قباحت نہیں۔ البتہ افرادی قوت پاکستان سے حاصل کی جائے۔

۱۴۶- معین الدین عقیل، **آزادی کی قومی تحریک: تحقیق اور تجزیہ** (لاہور: مکتبہ تعمیر انسانیت، اردو بازار، ۲۰۰۷ء)، ۴۳۔

147- Hassnain Javead, Abid H K Shirwani and Cxi Li, Foreword by: Dr Janes Hanns Pichler, One Belt One Road (Hands on small Enterprises), 11-17.

۱۴۸- روزنامہ **جنگ**، لاہور: ۱۹-۰۳-۱۹۔

149- Asif H. Qureshi, "China /Pakistan Economic Corridor: A Crirical National and Intenational Law Policy Based Perspective",*Chinese Journal Of International Law*, (2015). 777-799.

معاونت حاصل کرنے میں کوئی قباحت نہیں۔ البتہ افرادی قوت پاکستان سے حاصل کی جائے۔

## x- دہشت گردی، فرقہ واریت اور صوبائیت کے مسائل

سی پیک کی کام یابی امن، انصاف اور مساوات سے مشروط ہے۔ سی پیک کی تعمیر و ترقی کا براہِ راست تعلق افغانستان کی صورتِ حال سے ہے۔ پاکستان خصوصاً بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کی اکثر کارروائیوں کا تعلق افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہوں سے ہوتا ہے۔ پاکستان میں ترقی اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ افغانستان میں پائے دار امن قائم ہو۔ بھارت اور دیگر پاکستان مخالف قوتیں افغانستان کے ذریعے تخریب کاری کی کوئی بھی سازش کر سکتی ہیں۔ افغانستان کی داخلی و خارجی صورتِ حال کی بہتری پاکستان اور سی پیک کے بہترین مفاد میں ہے۔ وسط ایشیا اور اس سے آگے تک رسائی حاصل کرنا افغانستان میں امن کے بغیر ممکن نہیں۔ اس پسِ منظر میں ضروری ہے کہ چین، پاکستان اور افغانستان میں دہشت گردی کی مکمل روک تھام کی جائے۔ افغانستان میں دہشت گردی اور بے چینی کا خاتمہ بڑی حد تک چین کی ضرورت بن چکا ہے۔[۱۵۰] چین ہمسایہ ہونے کی وجہ سے افغانستان کی داخلی و خارجی صورتِ حال سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔

امن و امان کی خراب صورتِ حال سی پیک کو منفی طور پر متاثر کر سکتی ہے۔ پاکستان میں بعض مذہبی، لسانی اور قبائلی گروہ ایسے ہیں جو مختلف حکومتوں کی نامناسب منصوبہ بندیوں کے نتیجے میں قائم ہوئے اور اب پوری طرح مستحکم و توانا ہیں۔ یہ گروہ استعماری قوتوں اور پاکستان دُشمن گروہوں کے آلہ کار بھی بن سکتے ہیں۔ بہت سی ایسی خبریں پڑھنے اور سُننے کو ملتی ہیں کہ بعض گروہوں نے سی پیک کے خلاف بیان بازی کی ہے اور مستقبل میں تخریب کاریوں کا عندیہ دیا ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے میں پاک چین فکری ہم آہنگی کی ضرورت بہت زیادہ ہے۔ پاک چین دوستی اور سی پیک کے مختلف مراحل کی کام یاب تکمیل کا لازمی تقاضا ہے کہ دونوں ممالک میں دہشت گردی کا خاتمہ ہو۔ اس ضمن میں ہر دو ممالک کے درمیان فکری یک سوئی اور عملی پختگی کا ہونا ضروری ہے۔ دیرپا اور مضبوط فیصلہ سازی ہی نتیجہ خیز ہوتی ہے۔ اس ضمن میں ایک اہم مثال مولانا مسعود اظہر کی ہے۔[۱۵۱] اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل نے عالمی دہشت گردوں کی فہرست میں مولانا مسعود اظہر کا نام شامل کر دیا ہے۔ بھارت نے اس اقدام کو اپنی سفارتی کام یابی قرار دیا ہے۔ کئی ماہ تک چین نے پاکستان کے کہنے پر مولانا مسعود اظہر کا دفاع کیا۔ چین نے امریکہ،

---

۱۵۰- محمد اسلم جنجوعہ، مرجع سابق، ۱۷-۲۰۔

۱۵۱- **نوائے وقت**، لاہور، ۹ مئی ۲۰۱۹ء۔

فرانس اور برطانیہ کی پیش کردہ قرارداد کو نتیجہ خیز ہونے سے روکے رکھا۔[۱۵۲] بالآخر چین نے پاکستانی موقف سے دست برداری اختیار کی لیکن بھارت کی ۲۰۱۶ء سے کوشش تھی کہ مولانا مسعود اظہر کو دہشت گرد قرار دیا جائے لیکن چین نے بھارت کی اس کوشش کو کام یاب ہونے سے روکے رکھا۔ اگر پاکستان اور چین کے درمیان دہشت گردی کے خاتمے کے بارے میں کوئی مشترکہ فکری منصوبہ بندی ہوتی تو پاکستان کو عالمی سطح پر اس تنہائی کا سامنا کرنا پڑتا۔ سی پیک کی طرح کا عظیم اقتصادی منصوبہ اس امر کا تقاضا کرتا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کوئی مشترکہ پلیٹ فارم ہو۔ سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کا خواب امن کے قیام کے بغیر ممکن نہیں۔ قیامِ امن دونوں ملکوں کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔[۱۵۳]

## ۵- سفارشات

۱. سی پیک کے تحت ہونے والے مختلف معاہدات کے اعدادوشمار اور ان سے متعلق دیگر اہم حقائق تک عوام خصوصاً اراکینِ پارلیمان کی رسائی کو یقینی اورآسان بنایا جائے۔ اس ضمن میں ان معاہدات کی پارلیمان سے توثیق نہایت مستحسن ہوگی۔

۲. پاک چین دوستی کی مخالف قوتوں کے ایجنڈے کی تفہیم اور اس کے بر وقت ردّ کے لیے ذرائع ابلاغ، جامعات اور دانش ور طبقات کو متحرک کیا جائے۔

۳. پاکستان چینی قیادت سے چینی مسلمانوں کے مسائل پر مؤثر مذاکرات کرے اور اس حقیقت سے چین کو آگاہ کیا جائے کہ چینی مسلمانوں کی مذہبی آزادی کا براہِ راست اثر چین وپاکستان کی معاشی ترقی اور سی پیک پر پڑے گا۔

۴. چینی باشندوں کی پاکستان میں دھوکا دہی پر مبنی شادیوں پر قابو پایا جائے۔اس ضمن میں جسم فروشی اور جسمانی اعضا کی فروخت کا غیر اخلاقی دھندا بند کرانے کے لیے قانونی وانتظامی اقدامات کیے جائیں۔

۵. پاکستانیوں کی چینی مسلم بیویوں کو چین کے حراستی کیمپوں سے آزاد کرایا جائے۔ انھیں اپنے خاوندوں سے طلاق لینے یا مذہب تبدیل کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔

---

۱۵۲- حسین حقانی، **چین کی مجبوری**،۱-۱۰۔

153- Asif H.Qureshi, “China /Pakistan Economic Corridor :A Critical National and International Law Policy Based Perspective”, *Chinese Journal of International law*, (2015), 777-799.

۶. چینی شہریوں کی پاکستان میں مجرمانہ سرگرمیوں پر نظر رکھی جائے خصوصاً چین کے خُفیہ اداروں کے ملازمین کو قانون و قاعدہ کا پابند بنایا جائے۔

۷. پاکستان میں کام کرنے والے چینی شہریوں کو غذائی اُمور میں ایک قابلِ عمل ضابطۂ اخلاق کا پابند بنایا جائے تا کہ وہ عوامی مقامات پر شریعتِ اسلامیہ کے اُصولوں کے تمسخر کا باعث نہ ہوں۔ اگر کوئی ایسی چیز جو اسلامی تعلیمات کے مطابق حرام ہے تو اُسے اندرونِ خانہ استعمال کیا جائے۔

۸. چینی مصنوعات کی موجودگی میں پاکستانی مصنوعات کی بقا سے جُڑے مسائل کے حل پر توجہ دی جائے۔ ایسے معاہدات سے گریز کیا جائے جن کا منفی اثر پاکستان کی مصنوعات پر پڑنے کا احتمال ہو۔

۹. پاکستان سے ہر قسم کی دہشت گردی، فرقہ واریت، لسانیّت اور صوبائیّت کو ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔

۱۰. وفاق، صوبوں اور مختلف سیاسی جماعتوں کو سی پیک کی کام یابی کے لیے مربوط انداز میں کام کرنا چاہیے۔ اس ضمن میں سیاسی اور صوبائی ہم آہنگی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔

۱۱. چین اور پاکستان میں غیر ملکی شہریوں کے حقوق کی حفاظت کے انتظامات کو مؤثر اور باوقار بنایا جائے۔

۱۲. مذہبی، سیاسی اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے پاکستان میں چینی زبان و ثقافت کو عام کیا جائے تا کہ پاکستان کے لوگ اہلِ چین کی ہنر مندی اور محنت سے واقف ہوں اور تعصبات جنم نہ لے سکیں۔

۱۳. چین و پاکستان میں مختلف مذاہب کی عبادت گاہوں اور مقدس مقامات کے تحفظ، احترام اور تعمیر و ترقی کے لیے مؤثر انتظامات کیے جائیں۔ اس ضمن میں چین مسلمانوں کے جذبات کا احترام کرے جب کہ پاکستان میں کنفیوشس اور بدھ تہذیب کے تاریخی آثار کو مذہبی سیاحوں کے لیے دل کش بنایا جائے۔

۱۴. سی پیک کی کام یاب تکمیل کے لیے شفافیت، مشاورت اور تعمیراتی پیش رفت کے اُصولوں کو سامنے رکھا جائے نیز اس منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

## ۶–خلاصۂ بحث

پاک چین تعلقات کے استحکام اور تعمیر و ترقی کے اَن گنت مواقع کو پانے کے لیے سی پیک پر بھرپور توجہ نہایت ضروری ہے۔ یہ ایک ایسا مثالی اور عظیم الشان ترقیاتی منصوبہ ہے جس سے علم و صنعت کے ہر شعبے میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوں گی۔ منصوبے میں چین کی سرمایہ کاری بڑی اہمیت کی حامل ہے جب کہ پاکستان اس منصوبے کی

تکمیل اور افادیّت کے ضمن میں بڑا موٴثر کردار ادا کر سکتا ہے۔ منصوبے کو کام یاب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان اور چین کے عوام مذہبی و سماجی اعتبار سے مطمئن ہوں۔ تہذیبی ہم آہنگی اور احترامِ انسانیت کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہی ترقی کی منازل طے کی جاسکتی ہیں۔ مذہب و سماج کے شعبہ جات میں اطمینان اور ہم آہنگی کے فروغ کا تقاضا ہے کہ دونوں ملک باہمی اعتماد کو فروغ دیں، تعلقات کو وُسعت دینے کے لیے شفافیت اور میرٹ کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ امن، مفاہمت، احترام، تحفظ اور وُسعت کے ذریعے تمام اقوام کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں، فکری جمود ختم ہو، مذہبی تعصبات سے نجات حاصل کی جائے، علاقائیّت اور لسانیّت سے جان چھڑائی جائے، دہشت گردی اور فرقہ واریت کی راہ روکی جائے، داخلی و خارجی استحکام پر توجہ دی جائے، مذہب کی من مانی تشریحات کی حوصلہ شکنی کی جائے، انتہا پسندی کو روکا جائے، مذہبی و سماجی برداشت کے رویوں کو فروغ دیا جائے، انسانی حقوق کے احترام اور باہمی مکالمے کے فروغ کو ہدف بنایا جائے، بین المذاہب اور سماجی ہم آہنگی کے ماحول کو پروان چڑھایا جائے، سی پیک سے متعلق حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں، پاک چین دوستی کے مخالفین کے پروپیگنڈے کا موٴثر جواب دیا جائے، چین کے مسلمانوں کے حقوق بحال کیے جائیں، چینی باشندوں کو شادی کے نام پر جسم فروشی اور اعضا فروشی کا دھندا کرنے سے روکا جائے، پاکستانیوں کی چینی مسلم بیویوں کو چین کے حراستی کیمپوں سے باعزت رہا کیا جائے، چینی باشندوں کی پاکستان میں مجرمانہ سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے، چینی کمپنیوں کو پابند کیا جائے کہ وہ غذائی مصنوعات کے اُمور میں مسلمانوں کے مذہبی جذبات کی حسّاسیّت کو ملحوظِ خاطر رکھیں، ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے چینی مصنوعات کی موجودگی پاکستان کی چھوٹی صنعتوں پر منفی انداز سے اثر نہ ڈال سکے، پاکستان اور چین کو انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ ان ہمہ جہتی اقدامات سے سی پیک کام یاب و کامران ہو گا اور مختلف مذہبی و سماجی حلقے اس کے لیے ممد و معاون کا کردار ادا کر سکیں گے۔

# List of Sources in Roman Script


- A.K. Dixit. *Perspectives on Indo – China Relations*. New Delhi: Cyber Tech Publications, 2006.
- Aadam Pall. *Pak Cheen Iqtasadi Rahdari : Taraqi Ya Sarab ?*. Lahore: Lal Salam Publications, 2018.
- Abdal Malik Mujahid. *Mayray Sunahray Safer Namay*. Lahore: Darussalam, 2013.
- Abid Ali Khan. *Mashaheer Cheen*. Lahore: Fact Publications.
- Ahmad Khawar Shahzad. *CPEC-A Critique of Lucid Implications, CPEC: A Reality Check*. Islamabad: National Defense University, 2018.
- Ajmal Saeed Paracha. *Sooee wadee a Kashghar*. Lahore: Alqamar Enterprisers, 1996.
- Ali Nasir Zaidi. *Cheen Ki Sayr*. Lahore: Qomi Kutab Khana, 2000.
- Amjad Islam Amjad. *Raisham Raisham*. Lahore: Sang e Meel, Publication, 1998.
- Andrew Small. *The China Pakistan Axis: Asia's New Geopolitics*. Haryana: Random House, 2015.
- Anwar Yousaf. *Cheni Musalmanoo Ka Muqadema.* Lahore: Mujala, Mukalama Bain ul Mazaham, 2014.
- Asad Areeb. *Khanjraab Say Dewar e Cheen*. Multan: Kitab Nager, 2005.
- Asif H. Qureshi. *China /Pakistan Economic Corridor: A Crirical National and Intenational Law Policy Based Perspective.* Chinese Journal of International Law, 17 November, 2015.
- Asif Mahmood. *Jaah Daikha Hum Nay Cheen*. Lahore: Ilm-o Irfan, Publications, 2018.

- Aslam Kamal. *Lahore Say Cheen Tak*. Lahore: Maqbool Academy, 1989.
- Ayesha Rana. *Challenges to Strategic Stability in South Asia: Analysis.* Quarterly Journal Strategic Studies, Institute of Strategic Studies, Islamabad, Summer Issue, 38:2(2018).
- Bader ud din. *Cheeni, Cheen o Arab k Taluqaat*. Karachi: Anjaman Taraqi e Urdu, 1949.
- Balqees Riaz. *Cheen ko Chali A.* Lahore: Maqbool Academe.
- Bandana Purkayastha and Farhan Navid Yousaf. *Human Traffiking: Trade for Sex, Labour and Organs*. UK: Polity Press, 2019.
- Brigadier Gulzar Ahmad. *Tazkera e- Sinkiyang*. Lahore: Idara e Saqafat e Islamia 1988.
- Cheen Chang Fun. *Cheer main Maoo k Sath Long March. Trans.* Ihfaaz Ur Rahman, Karachi: Fareed Publishers, 2011.
- David Comas (etal). *Trading Genes along the Silk Road: MT DNA Sequences and the Origin of Central Asian Population*. American Journal of Human Genetics, vol: 63, 1998.
- Dr. Nadeem Shafiq Malik. *India vs China: A Review of the Aksai China Border Dispute*. Islamabad: Emel Publications, 2015.
- Dr. Fareed Ahmad. *Paracha, Hawaoon Kay Sang*. Lahore: Sang-e Meel, Publications, 2016.
- Dr. Inayat Ullah Faizi. *Cheen Bah Jabeen*. Islamabad: Doost Publications, 1998.
- Dr. Ishrat Husain. *CPEC and Pakistan Economy: an Appraisal*. Islamabad: Center of Excellence for CPEC, 2018.
- Dr. Mueen ud din Aqeel. *Azadi Ki Qumi Tahreek: Tahqeeq or Tajziya*. Lahore: Maktaba Tameer –Insaniyat, 2007.
- Dr. Muhammad Saleem Malik. *Pak Cheen Mukalma*. Lahore: Book Home, 2004.

- Dr. Safder Mahmood. *Pakistani Tareekh o Siyasat*, Lahore: Jung Publishers, 1989.
- Dr. Umar Hayat Asim Siyal. *Cheen Main Islam ka Mustaqbil*. Karachi: Nudwatul Qalam, 2008.
- Eidgersafer. *Nay Cheen ka Razmiya*. Trans. Arshaad Ahmad Khan, Lail Pur: Maktaba Mutalia Mashraq, 1974.
- Ejaz Hussain. *China Pakistan Economic Corridor*. Islamabad: Iqbal International Institute for Research and Dialogue, International Islamic University, 2018.
- Faung Choonchang or Chiyand Quee Noonag, Choinlai. Aap Betī. Trans. Ahfaz ur Rahman, Karachi: Fareed Publishers, 2007.
- Haji Ibraheem, T –Y – Maki. *Cheen ky Musalman*. Trans. Tabish Sadique. Lahore: Sang-e- Meel, 1986.
- Hanan Ali Abasi. *Cheen Say Bartaniya Tak*. Islamabad: Institute of Policy Studies, 2013.
- Haris Raqeeb Azeemi. *55 Years of Pakistan-China Relationship, Pakistan Horizon,Pakistan's*. Islamabad: Foreign Policy Analysis, 60:2 (2007).
- Hassnain Javed, Abid H. K .Shirwani and Cxi Li. *One Belt One Road: Hands on Small Enterprisess*. Lahore: UMT Press, University of Management and Technology, 2019.
- Suisheng Zhao. *China and East Asian Regionlism*. New York: Routledge, 2012.
- Sujian Guo and Baogang Guo. *Greater China in an Era of Globalization*. Delhi: Pentagon Press, 2010.
- Taimur L.Chudhari. *The China- Pakistan Economic Corridor*. Under Graduate Research Thesis, The College of Food, Agricultural and Environmental Sciences, The Ohio State University, 2017.
- Taj Muhammad. *Cheen Hay Tu Cheen Main*. Lahore: Maqbool, Academy.

- Thomas J.and Christensen. *The China Challenge:Shaping The Choices of a Rising Power*. London: W.W.Norton and Company, 2015.
- Usama Altaf. *Cheen Main Oghuyoor Musalmanoo ka Istehsaal*. Akora Khatak: Mahnama Al Haq, 54:1, (2018).
- W.M.Dobell. *Ramifications of the China –Pakistan Border Treaty, Pacific Affairs*. Columbia: University of British Columbia, 37:3(1964).
- Waleeda Rana and Hasan Mahmood. *Changing Dynamics of Pak-China Relations:Policy Recommendations for Pakistan*. American International Journal of Contemporary Research, 5: 02(2015).
- Youanying or Choming. *Safar Doosti Ka*. Trans. Youn way Showay, Islamabad: Academe Adbiyat-e Pakistan, 1990.
- Zaib un Nisa Garsheen. *Chaltan Say Cheen Tak*. Quetta: Gusha e Adab, 2012.